★★پاک سرزمین کا نظام..... قوت اخوت عوام★★

ABC CERTIFIED

DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر
امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | بدھ 17 شوال 1446ھ، 16 اپریل 2025ء 3 بیساکھ 2082ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 163

وزیراعلیٰ سے اکنامک کارپوریشن آرگنائزیشن کے 25 رکنی وفد کی ملاقات

وفد میں تاجکستان، ازبکستان، ترکیہ، قازقستان، ترکمانستان، ایران، آذربائیجان اور پاکستان کے ای سی او میں مستقل مندوب شامل، وزیراعلیٰ مریم نواز نے لاہور آمد پر وفد کا پرتپاک خیر مقدم

لاہور کو ای سی او کیپٹل قرار دینے میں معاونت پر ترکمانستان شکریہ ادا کیا، ٹورازم سیکٹر کو ایک نئی صنعت کے طور پر فروغ دینے کیلئے پرعزم ہیں، ملکی وغیر ملکی سیاحوں کو ہر ممکن سہولت فراہم کی جارہی ہے، مریم نواز



لاہور: وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا ای سی او کے وفد کیساتھ ملاقات کے بعد گروپ فوٹو

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے اکنامک کارپوریشن آرگنائزیشن کے 25 رکنی وفد نے ملاقات کی۔ وفد میں تاجکستان، ازبکستان، ترکیہ، قازقستان، ترکمانستان، ایران، آذربائیجان اور پاکستان کے ای سی او میں مستقل مندوب شامل تھے۔ وفد کی سربراہی ای سی او کے سیکرٹری جنرل اسد مجید خان کر رہے تھے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے لاہور آمد پر وفد کا پرتپاک خیر مقدم کیا اور وفد کے ارکان کو لاہور آمد پر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 1)

صدر زرداری کی مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی کے قریب دھماکے کی مذمت

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مستونگ میں بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی کے قریب دھماکے کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 7)

وزیراعلیٰ کی جانب سے ای سی او ممالک کے معزز وفد کے اعزاز میں عشائیہ

مہمان وفد کی لاہوری روایتی ولذیذ کھانوں سے تواضع کی گئی، ای سی او ممالک کے سفیروں کا اندرون شہر کا دورہ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے ای سی او ممالک کے معزز وفد کے اعزاز میں گزشتہ شام ایک شاندار عشائیہ کا اہتمام کیا گیا۔ تقریب میں سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب اور وزیر زراعت عاشق حسین کرمانی نے وفد کا پرتپاک استقبال کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 8)

امریکی وفد نے عمران خان کا کوئی ذکر نہیں کیا، اسپیکر ایاز صادق

اپوزیشن ہر معاملے پر سیاست کرتی ہے، ہمیشہ خواہش رہی ہے کہ وقتہ سوالات کو مکمل کیا جائے، ماضی کی حکومت نے پروڈکشن آرڈر جاری نہیں کیے تھے، گنگو

اپوزیشن نے ایوان میں کینال کے معاملے پر بات نہیں کی، ہر معاملے کو بات چیت کے ذریعے حل کیا جاسکتا ہے، مذاکرات کے لیے مکمل سنجیدہ کوشش کی، اسپیکر قومی اسمبلی

اسلام آباد (این این آئی) اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا ہے کہ امریکی وفد نے عمران خان کا کوئی ذکر نہیں کیا، وفد نے واضح کیا کہ پاکستان کیساتھ ہوں، ہر سطح کے روابط جاری ہیں، میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے اسپیکر قومی اسمبلی ایاز صادق نے کہا کہ اپوزیشن ہر معاملے پر سیاست کرتی ہے، امریکی کانگریس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 10)

مقدمے کے بغیر گرفتاری ہوسکتی ہے جو سب میں رکھا جاسکتا ہے، سپریم کورٹ

انسداد دہشت گردی کی عدالتوں کے ذریعے سویلین کی حوالگی فوج کو دی گئی، حراست میں دینا درست تھا یا نہیں یہ الگ بحث ہے، جسٹس محمد علی مظہر

ایکٹ میں بھی کچھ بنیادی حقوق دیے گئے ہیں، رینجرز اور ایف ایس ایل اہلکار نوکری سے نکالے جانے کے خلاف سروس ٹریبونل سے رجوع کرتے ہیں: زیمارکس

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کے خلاف انٹرا کورٹ اپیل پر سماعت کے دوران جسٹس جمال خان مندوخیل نے ریمارکس دیے ایف آئی آر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 9)



اسلام آباد: وزیراعظم شہباز شریف اور سینیٹر پاکستانیز کو خطاب کر رہے ہیں

شہباز شریف کی بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی پر حملے کی شدید مذمت

انسانیت کے دشمن دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملائیں گے، وزیراعظم کا بیان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے بلوچستان کے ضلع مستونگ کے علاقے نمش آباد میں بلوچستان کانسٹیبلری کی گاڑی پر دہشتگرد حملے کی شدید مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسانیت کے دشمن دہشتگردوں کے مذموم عزائم کو خاک میں ملائیں گے۔ اپنے بیان میں وزیراعظم نے بلوچستان کانسٹیبلری کے جاں بحق اہلکاروں کی شہادت پر اظہار افسوس کیا ہے۔ وزیراعظم نے شہداء کیلئے دعائے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 2)

آرمی چیف: دہشتگردوں کی نسلیں بھی پاکستان کا کچھ نہیں بگاڑ سکتیں

پاکستان کے دشمنوں کا یہ خیال ہے کہ مٹھی بھر دہشت گرد پاکستان کی تقدیر کا فیصلہ کرسکتے ہیں، جب تک اس ملک کے غیور عوام افواج پاکستان کے ساتھ کھڑے ہیں، آپ کی فوج ہر مشکل سے باآسانی سے نبرد آزما ہوسکتی ہے

میں آج بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے جذبات دیکھ کر بہت متاثر ہوا ہوں اور میں آپ کو یقین دلاتا ہوں کہ آپ کے لیے ہمارے جذبات اس سے بھی زیادہ مضبوط ہیں: چیف آف آرمی اسٹاف

اسلام آباد (ڈپٹی کمشنر مین سیکٹ سید دل خان نے سینیٹر پی پی پی وفد کا وفد ملاقات کر رہا ہے



اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انور چوہدری سے چائنیز کنسٹرکشن کمپنی کا وفد ملاقات کر رہا ہے

پنجابیاں جو کی میزبانی کیلئے مکمل تیار ہے، مریم نواز

مریم نواز سے اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن کے 25 رکنی وفد کی ملاقات، سینئر وزیر مریم اورنگزیب کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے کہا ہے کہ پنجاب سیاحوں کی میزبانی کیلئے مکمل طور پر تیار ہے، ای سی او کے معزز مہمان ہماری موجودگی ہمارے لئے باعث اعزاز ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف سے اکنامک کوآپریشن آرگنائزیشن کے 25 رکنی وفد نے ملاقات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 4)



لاہور: جسٹس جسٹس لاہور ہائیکورٹ مس عالیہ نیلم جسٹس علی باقر نجفی کو الوداعی تقریب میں پھولوں کا گلدستہ دے رہی ہیں

پیرسٹر گوہر کو عمران خان سے ملاقات سے روک دیا گیا

راولپنڈی (این این آئی) جیئر مین پی ٹی آئی پیرسٹر گوہر کو عمران خان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 12)

ڈائریکٹر جنرل پی ایس کیو سی اے کی تعیناتی کیلئے تین نام وزیراعظم کو ارسال

اسلام آباد (این این آئی) وزارت سائنس و ٹیکنالوجی کے ماتحت ادارے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 13)

سابق وزیراعظم نواز شریف کا لندن میں طبی معائنہ

لندن (این این آئی) سابق وزیراعظم میاں نواز شریف کا لندن میں طبی معائنہ ہوا ہے۔ پروٹوکول کے مطابق ساتھ (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 6)

کراچی حیدرآباد موٹروے نئے راستے پر بنائی جائے گی، احسن اقبال

حیدرآباد سکھر ماڈل وے پر کام رواں سال شروع ہوگا، تین سال میں مکمل ہوجائے گی، پریس کانفرنس

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر احسن اقبال نے کہا ہے کہ حیدرآباد سکھر ماڈل وے پر کام رواں سال شروع ہوگا، تین سال میں مکمل ہوجائے گی، کراچی حیدرآباد موٹروے نئے راستے پر بنائی جائے گی۔ پاکستان بزنس کونسل میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب میں وفاقی وزیر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 11)

گرینڈ ہیلتھ الائنس پنجاب کا دھرنا جاری، ٹریفک کا نظام درہم برہم

ٹریفک کا شدید بلاؤ، گاڑیوں کی قطاریں لگی رہیں، شہری مظاہرین، حکومت کو کوستے رہے

لاہور (این این آئی) سرکاری ملازمین کو ہوں کو آؤٹ سورس کرنے کے خلاف گرینڈ ہیلتھ الائنس پنجاب کا دھرنا 9 ویں روز بھی جاری ہے، گرمی کی شدت بڑھنے سے مظاہرین کی مشکلات (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 14)



اسلام آباد: ڈپٹی کمشنر مین سیکٹ سید دل خان نے سینیٹر پی پی پی وفد کا وفد ملاقات کر رہا ہے

ایک اور میثاق جمہوریت موجودہ صورتحال میں تبدیل نہیں ہوسکتی، رانا ثنا اللہ

پی ٹی آئی والے جس راستے پر جانا چاہتے ہیں اس سے جمہوریت مضبوط ہوگی نہ ان کو منزل ملے گی، مشیر وزیراعظم کہا جارہا ہے، ہم نے اپنے مسائل اسٹیبلشمنٹ سے بات چیت کر کے حل کرنے ہیں، یہ مسائل ایسے حل نہیں ہوں گے، انٹرویو

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ جب تک ایک اور چارٹر جمہوریت نہیں ہوگا تب تک موجودہ صورتحال تبدیل نہیں ہوسکتی، پی ٹی آئی والے جس راستے پر جانا چاہتے ہیں اس سے جمہوریت مضبوط نہیں ہوگی، اس سے ان کو کچھ نہیں ملے گا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ ہم نے اپنے مسائل اسٹیبلشمنٹ سے بات چیت کر کے حل کرنے ہیں، یہ مسائل ایسے حل نہیں ہوں (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 16)

عمران خان کی نااہلی پر احتجاج، ملزمان پر فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر مؤخر

عامر محمود کیانی کی عبوری ضمانت منظور، سابق ڈپٹی اسپیکر واثق قیوم بھی گرفتاری قرار دینے کی کارروائی مؤخر

اسلام آباد (این این آئی) پی ٹی آئی کا پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) عمران خان کی نااہلی پر فیصل آباد احتجاج پر درج مقدمے میں ملزمان پر فرد جرم کی کارروائی ایک بار پھر مؤخر (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 15)



پشاور: گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

امریکی وفد کے دورے کی کوئی خاص اہمیت نہیں، ملیحہ لودھی

امریکا اور ایران کے مذاکرات بہت اہم تھے، دونوں ممالک نہیں چاہتے کہ کسی بھی قسم کی جنگ ہو

اسلام آباد (این این آئی) سابق مستقل مندوب ڈاکٹر ملیحہ لودھی نے کہا کہ امریکی اراکین کانگریس کا دورہ پاکستان غیر معمولی طور پر ہے۔ سابق مستقل مندوب ڈاکٹر ملیحہ لودھی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 20)

ملک کو تباہی سے بچانے کا واحد حل مذاکرات ہیں، اعظم سواتی

ہم نے بانی پی ٹی آئی کو مذاکرات کیلئے راضی کیا ہے، عمران خان اور ہمیں ملک کی فکر ہے، گنڈاپور

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے رہنما اعظم (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 22)



سابق وفاقی وزیر شیخ رشید احمد بے فریم ہاؤس میں واک کر رہے ہیں

افغانستان سے آنے والے امریکی ہتھیاروں سے پاکستان کے استحکام کو خطرہ ہے، امریکی اخبار

واشنگٹن (این این آئی) امریکی اخبار نے اپنی ایک رپورٹ میں کہا ہے کہ افغانستان سے آنے والے امریکی ہتھیاروں سے پاکستان کے استحکام کو خطرہ ہے۔ اخبار نے رپورٹ کیا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 24)

ایف آئی اے کی کراچی میں کارروائیاں

حوالہ ہنڈی کے 2 ملزمان گرفتار

کراچی (این این آئی) ایف آئی اے نے کراچی کے علاقے گلستان اور بلوچ مارکیٹ میں کارروائیاں کرتے ہوئے (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 25)

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں مزید 2 ججز شامل کرنے کا فیصلہ

چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس 18 اپریل کو طلب کرلیا، نامزد گیاں طلب

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ کے آئینی بینچ میں مزید 2 ججز شامل کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں چیف جسٹس یحییٰ آفریدی نے جوڈیشل کمیشن کا اجلاس (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 26)

راولپنڈی: غیر ملکی فوڈ چین کی برانچ پر حملہ کرنے والے 3 ملزمان گرفتار

ملزمان نے داخل ہوکر توڑ پھوڑ اور ہنگامہ آرائی کی، خواتین، بچوں اور ریسٹورنٹ کے عملے کو ہراساں کیا

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی میں غیر ملکی فوڈ چین کی برانچ پر حملہ کرنے والے 3 ملزمان کو ریسٹورنٹ میں ڈنڈا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 27)

اعتجاج توڑ پھوڑ کیس، عدالتی حکم کے باوجود عمران خان کو پیش نہ کیا جاسکا

بشریٰ بی بی کے خلاف جعلی رسیدوں اور بانی پی ٹی آئی کے خلاف احتجاج اور توڑ پھوڑ کے پانچ مقدمات میں درخواست ضمانت کی سماعت ہوئی

پولیس وجیل حکام نے بغیر پیشی میرٹ پہ فیصلہ سنائے جانے کے علاوہ کوئی آپشن نہیں چھوڑا، عدالت میں درخواست دائر

اسلام آباد (این این آئی) احتجاج اور توڑ پھوڑ کے کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان کو عدالتی حکم کے باوجود منگل کو بھی پیش نہیں کیا جاسکا۔ بشریٰ بی بی کے خلاف جعلی رسیدوں اور بانی پی ٹی آئی کے خلاف احتجاج اور توڑ پھوڑ کے پانچ مقدمات میں درخواست ضمانت کی سماعت ہوئی۔ ایڈیشنل سیشن جج محمد افضل بھگوکھر نے کیس کی سماعت کی۔ بانی پی ٹی آئی، بشریٰ بی بی جانب سے خالد یوسف چوہدری عدالت میں پیش ہوئے۔ خالد یوسف چوہدری (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 28)

جلاؤ گھیراؤ کے جرائم میں اعظم سواتی کی عبوری ضمانت میں 13 مئی تک توسیع

لاہور (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی خصوصی عدالت نے جناح (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 29)

محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا نے افغان قیدیوں سے متعلق تفصیلات طلب کرلیں

افغان قیدیوں کے مقدمات، شہریت، دستاویزات سمیت پورا ریکارڈ جمع کیا جائے، حکم جاری

پشاور (این این آئی) وفاقی حکومت کی ہدایت پر محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا نے ضلع خیبر سے افغان قیدیوں سے متعلق تفصیلات طلب کرلیں۔ محکمہ داخلہ خیبر پختونخوا نے ضلع خیبر سے افغان (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 30)



انسداد دہشت گردی کی عدالت نے فتنہ الخوارج کے کارندے کو قید و جرمانہ کی سزا سنادی

مٹھ آذر (این این آئی) انسداد دہشتگردی کی عدالت نے فتنہ الخوارج (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 31)

اسد قیصر کی ضمانت منسوخی کی اپیل واپس لینے پر خارج

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے اسد قیصر کی ضمانت منسوخی کی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 32)



لاہور: اسپیکر پنجاب اسمبلی ملک محمد احمد خان کی زیر صدارت اجلاس میں اراکین اسمبلی اظہار خیال کر رہے ہیں

کینال معاملے پر شہباز شریف اور پیپلز پارٹی دونوں شریک ہیں، عمر ایوب

جب ہم اپنے حق کے لیے آواز اٹھاتے ہیں تو ہمارے خلاف ایف آئی آر درج ہوتی ہیں، پی ٹی آئی رہنما کی پشاور میں گفتگو

وفاقی حکومت نے میرے خلاف مقدمات کی رپورٹ جمع کرائی تو اس میں آئی جی اسلام آباد نے 2 ایف آئی آرز کو چھپایا

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب نے کہا ہے کہ کیس کی سماعت کے موقع پر میڈیا کے نمائندوں سے بات کرتے ہوئے عمر ایوب نے کہا کہ جب ہم اپنے حق کے لیے آواز اٹھاتے ہیں تو ہمارے خلاف ایف آئی آر درج ہوتی ہیں۔ وفاقی حکومت نے میرے خلاف مقدمات کی رپورٹ جمع کرائی تو اس میں آئی جی اسلام آباد نے 2 ایف آئی (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 33)



لاہور: سیکرٹری ہیومن رائٹس مظفر غان سیال، پنجاب کی سیشن کیسوں کے حوالے سے پنجاب اسٹیڈیم میں اہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں



اسلام آباد: امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 20 اپریل کو اہل فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے اسلام آباد میں ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ ہوگا

دنیا بھر کی اسلامی اور انسانی حقوق کی تنظیموں سے رابطے میں ہیں، امیر جماعت اسلامی کی میڈیا سے گفتگو

لاہور (خبر نگار) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ 20 اپریل کو اہل فلسطین سے اظہار یکجہتی کے لیے اسلام آباد میں ملک کی تاریخ کا سب سے بڑا مارچ ہوگا (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 23)

روزنامہ قوت لاہور
سٹی نیوز

شوہر کی فائرنگ سے 37 سالہ خاتون زخمی ہوگئی

پولیس نے خاتون کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا

لاہور (کرائم رپورٹر) مناواں کے علاقے میں سابق شوہر کی فائرنگ سے 37 سالہ خاتون زخمی ہوگئی جبکہ ملزم موقع سے فرار ہو گیا پولیس نے خاتون کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا تفصیلات کے مطابق مناواں کے علاقے میں صفیہ نامی خاتون کو اسکے سابق شوہر صفدر نے گھر میں گھس کر فائرنگ کر کے زخمی کر دیا اور موقع سے فرار ہو گیا اطلاع ملنے پر پولیس نے زخمی خاتون کو طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر کے قانونی کاروائی کا آغاز کر دیا پولیس کو بتایا ہے کہ خاتون نے صفدر نامی شخص سے طلاق کے بعد دوسری شادی کر لی تھی ملزم کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں جبکہ خاتون سروسز ہسپتال میں زیر علاج ہے جہاں اس کی حالت خطرے سے باہر ہے

اسلام پورہ پولیس نے منشیات فروش سمیت 9 ملزمان گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) اسلام پورہ پولیس نے منشیات فروش سمیت 9 ملزمان گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق اسلام پورہ پولیس نے کریک ڈاون کے دوران ملزمان بلال، تیم، جمیل، جلیل، شہیب اور مراد کو تاش رمی کے بازی اور منشیات فروشی کرنے پر گرفتار کر لیا ان کے قبضے سے 1 دیسی پستول اور تاش برآمد کر لیے دوسری کاروائی میں پولیس نے ریلوے ایریا میں منشیات فروش ملزم شہباز کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 1480 گرام چرس برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔

برکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران پٹرولنگ مختلف مقامات سے 03 منشیات فروش گرفتار کر لیے

لاہور (کرائم رپورٹر) برکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر دوران پٹرولنگ مختلف مقامات سے 03 منشیات فروش گرفتار کر لیے ترجمان کے مطابق برکی پولیس نے خفیہ اطلاع پر کاروائی کرتے ہوئے مختلف مقامات سے دوران پیٹرولنگ ملزمان سلامت، صدام اور عندم کو گرفتار کر کے ملزمان سے ڈیڑھ کلو سے زائد چرس اور 50 لیٹر دیسی زہریلی شراب برآمد کر کے مقدمات درج کر لیے۔



فوٹو کیپشن۔۔۔۔ محکمہ جیوڈ آبادی پنجاب کے زیر اہتمام ایس پی سی سی پر منعقدہ سیمینار میں مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ ثمن رائے دیگر مہمانان وشرکاء کے ہمراہ گروپ فوٹو

سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی کے پھیلاؤ پر سیمینار کا انعقاد

سیمینار کی مہمان خصوصی ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ثمن رائے کے علاوہ دیگر افسران وشرکاء کی شرکت

سیمینار میں کلیدی عہدیداروں، اسٹیک ہولڈرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے حصہ لیا

ایس بی سی سی سے پائیدار بہتری کیلئے بین الادارہ جاتی ہم آہنگی اور کمیونٹی پر مبنی نقطہ نظر کو اپنانے کی ضرورت پر زور

سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت

لاہور (خبر نگار) سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی کے پھیلاؤ پر ایک اہم سیمینار کا انعقاد پاپولیشن ہاؤس کے کمیٹی روم میں ہوا۔ اس اپوٹ میں کلیدی عہدیداروں، اسٹیک ہولڈرز اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے شرکاء نے شرکت کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اسی لئے ریویوں میں ثبت تبدیلی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہوگا تاکہ سماجی اور صحت کے شعبے میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر ابلاغی حکمت عملیوں کے ذریعے مقامی اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کر کے عوامی فلاحی مفہوموں میں مثبت کردار پر تواتر خیال انپانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ سماجی رویوں میں پائیدار بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے سیمینار کے بنیادی مقاصد بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے اسی لئے ریویوں میں مثبت تبدیلی کی اہمیت کو اجاگر کرنا ہوگا تاکہ سماجی اور صحت کے شعبے میں بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے کہا کہ مؤثر ابلاغی حکمت عملیوں کے ذریعے مقامی اسٹیک ہولڈرز کو متحرک کر کے عوامی فلاحی مفہوموں میں مثبت کردار پر تواتر خیال انپانے کی ضرورت پر زور دیا تاکہ سماجی رویوں میں پائیدار بہتری لائی جا سکے۔ انہوں نے سیمینار کے بنیادی مقاصد بارے آگاہی دیتے ہوئے کہا کہ سماجی رویے کی تبدیلی کے مواصلاتی حکمت عملی (SBCC) کے فروغ اور آگاہی کو یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسی لئے ایس بی سی سی کے نفاذ میں درپیش چیلنجز اور ان کے حل، مجموعی سطح پر SBCC کے نفاذ میں درپیش رکاوٹوں کی نشاندہی سے پالیسی سطح پر ایسے اقدامات کی تجویز جو ابلاغی حکمت عملیوں کو مضبوط بنانا جا سکے گا۔ سیمینار میں SBCC کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی پریزینٹیشنز اور مباحثے کیے گئے۔ جن میں درج ذیل نکات آگاہی کی فلاں پر بھی SBCC کی اہمیت، سماجی مسائل خصوصاً آبادی کے مسائل کے حل میں اسٹریٹجک کمیونیکیشن کے کردار، تعلیم، میڈیا، جہات اور کمیونٹی انگیجمنٹ کے ذریعے مثبت رویوں کو فروغ دینے کے طریقے زیر بحث آئے۔ اسٹیک ہولڈرز نے کہا کہ ہمارے سماج میں مختلف اداروں، سول سوسائٹی، میڈیا، اور تعلیمی اداروں کے مشترکہ کردار پر زور دیا اور کمیونٹی انگیجمنٹ کے ذریعے پائیدار رویہ جاتی تبدیلی کو یقینی بنانے کی حکمت عملی پر غور کیا گیا۔ SBCC حکمت عملی کے ذریعے اہداف کے حصول کے لیے مزید تحقیق اور ایویلیوایشن فریم ورک کی ضرورت پر زور دیا گیا۔

صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کا دورہ

ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر عامر زمان خان بھی اس موقع پر موجود تھے



لاہور (خبر نگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق کا پنجاب ہیومن آرگن ٹرانسپلانٹیشن اتھارٹی کا دورہ ہوا۔ ڈائریکٹر جنرل پی ہوٹا پروفیسر عامر زمان خان بھی اس موقع پر موجود تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر ایک اہم اجلاس کی صدارت بھی کی۔ اس موقع پر پی ہوٹا کے تمام ڈائریکٹرز نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے ادارہ کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ پی ہوٹا کی مانیٹرنگ اتھارٹی کا اگلے ہفتے اجلاس بلانے کا فیصلہ کیا گیا۔ پی ہوٹا ایک خودمختار ادارہ ہے جو کہ اونٹاریو ماڈل مزید ڈیلیور کرے گی۔ مانیٹرنگ اتھارٹی کے اگلے اجلاس میں اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ پی ہوٹا کو ڈونرز کی رجسٹری بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پی ہوٹا کے سب آفسز کو بھی مزید فعال بنائیں گے۔ چیف منسٹرز سیکشن اٹھی اینڈ ٹشو بینک اور ٹرانسپلانٹ پروگرام کے حوالے سے بھی پی ہوٹا اور پی ایچ آئی ایم ای کے ساتھ جلد ایک اہم ایم او یو سائن کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ ڈیجیٹل کمیونٹی کے لیجنڈ اور پی ہوٹا کے پہلے ڈی جی پروفیسر فیصل مسعود کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔ پی ہوٹا ایک خودمختار ادارہ ہے جو کہ اونٹاریو ماڈل مزید ڈیلیور کرے گی۔ مانیٹرنگ اتھارٹی کے اگلے اجلاس میں اہم فیصلے کئے جائیں گے۔ پی ہوٹا کو ڈونرز کی رجسٹری بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ پی ہوٹا کے سب آفسز کو بھی مزید فعال بنائیں گے۔ چیف منسٹرز سیکشن اٹھی اینڈ ٹشو بینک اور ٹرانسپلانٹ پروگرام کے حوالے سے بھی پی ہوٹا اور پی ایچ آئی ایم ای کے ساتھ جلد ایک اہم ایم او یو سائن کیا جائے گا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ یہ ڈیجیٹل کمیونٹی کے لیجنڈ اور پی ہوٹا کے پہلے ڈی جی پروفیسر فیصل مسعود کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

اوسا کا نمائش میں چین کا پویلین کھل گیا

یہ عمارت روایتی چینی نقش و نگار کی شکل میں ڈیزائن کی گئی ہے

اوسا کا (شہوا) اوسا کا نمائش میں چین کا پویلین باضابطہ طور پر کھول دیا گیا ہے جس کی افتتاحی تقریب پویلین کے مرکزی عمارت کے سامنے منعقد ہوئی۔ یہ عمارت روایتی چینی نقش و نگار کی شکل میں ڈیزائن کی گئی ہے۔ افتتاحی تقریب میں تقریباً 300 مہمان شریک ہوئے۔ بین الاقوامی تجارت کے فروغ کے لئے چینی کونسل کے چیئرمین رین ہونگ بن نے اپنے خطاب میں نمائش کی میزبانی میں جاپان کے لئے چین کی بھرپور حمایت پر زور دیا۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ چین کا پویلین ایک پرامید اور کھلے چین کی تصویر پیش کرے گا جو نمائش میں یادگار نقوش چھوڑتے ہوئے ترقی مساوی اور جامع عالمی معیشت کی تشکیل میں کردار ادا کرے گا۔ عالمی نمائش 2025 کے لئے جاپان ایسوسی ایشن کے چیئرمین ماسا کازو توگورا نے جاپان۔ چین تعلقات کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ 2025 کی نمائش مستقبل کے بین الاقوامی تعاون کا نقطہ آغاز ہو سکتی ہے۔ اوسا کا نمائش 2025، 13 اپریل سے 13 اکتوبر 2025 تک جاری رہے گی۔ چائنہ پویلین تقریباً 3 ہزار 500 مربع میٹر پر مشتمل ہے جو نمائش میں سب سے بڑا خود ساختہ طور پر تیار کردہ چینی طرز کا پویلین ہے۔

چینی سمدر کا چین: ملائیشیا دوستی مضبوط بنانے پر زور

ملائیشیا کی دوستی کا سفیر مزید روشن مستقبل کی سمت گامزن کے عنوان سے شائع شدہ میں اپنے ایک مضمون میں کیا ہے



کوالالمپور (شہوا) چینی سمدر کی جن بھنگ نے کہا کہ وہ چین اور ملائیشیا کے درمیان دوستی کا جشن منانے اور مستقبل میں تعاون کی منصوبہ بندی کرنے کے لئے ملائیشیا کے دوستوں کے ساتھ ملاقات کے منتظر ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے منگل کو ملائیشیا کے سرکاری دورے پر پہنچنے سے قبل انگریزی اخبار دی اسٹریٹس ٹائمز میں اپنے ایک مضمون میں کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک کو خارج کے طویل سفر سے گزرنے والی دوستی کے اپنے سنہری کوئی وقار دینے کے لیل کرام کرتا اور اس بات کو یقینی بنانا چاہتے کہ یہ روش آسمان کی جانب تیزی سے آگے بڑھے۔ انہوں نے امید ظاہر کی چینی اور ملائیشی عوام خاندان کی مانند ایک دوسرے سے ملاقات کریں گے۔



لاہور: بگی رہنما سابق ایم این اے الحاج شیخ رشید اسمٰعیل شیخ، وکیل اسمٰعیل چوہدری نثار کے بیٹے احسن نثاری حکومت دیلیمہ کے موقع پر دلہا دولہا وزیر داقاب کے ساتھ گروپ فوٹو

پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر انتظام 4 روزہ امتحانات کا سلسلہ مکمل ہو گیا

پی ایم ایس منٹریل کوٹہ کے لیے 15 ہزار سے زائد امیدواروں نے امتحان میں حصہ لیا۔

لاہور (خبر نگار) پنجاب پبلک سروس کمیشن کے زیر انتظام پانچ روزہ امتحانات کا سلسلہ مکمل ہو گیا۔ جس میں پی ایم ایس منٹریل کوٹہ کا امتحان لیا گیا۔ پی ایم ایس منٹریل کوٹہ کے لیے 15 ہزار سے زائد امیدواروں نے امتحان میں حصہ لیا۔ تحصیل و ضلع کی سطح پر 51 امتحانی مراکز قائم کیے گئے تھے۔ جبکہ 11 امیدواروں اور نائب

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
''روزنامہ قوت لاہور'' (3) 16 اپریل 2025ء

حافظ آباد: زہریلی مٹھائی کھانے سے 3 بچے جاں بحق

پانچ بچوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت کے پیش نظر لاہور ریفر کر دیا گیا: ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق، ڈی پی او عاطف ندیر و دیگر چلڈرن ہسپتال لاہور پہنچ گئے



حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) حافظ آباد کے علاقہ قلعہ صاحب سنگھ میں زہریلی مٹھائی کھانے سے تین بچے جاں بحق جبکہ متاثر ہونے والے دیگر پانچ بچوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد تشویشناک حالت کے پیش نظر لاہور ریفر کر دیا گیا۔ دوسری جانب پولیس نے متوفی دانش کے والد شہباز کی مدعیت میں نامعلوم رکشہ ڈرائیور کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ جاں بحق ہونے والے تینوں بچوں کی لاشیں پوسٹمارٹم اور ضروری کاروائی کے بعد ورثاء کے حوالہ کر دی گئیں جبکہ ڈاکٹروں نے بچوں کے مومنہ جات لیکر فرانزک لیبارٹری لاہور بھجوا دیئے۔ واقعہ کی اطلاع ملنے پر ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق، ڈی پی او عاطف ندیر، مقامی سیاسی قائدین چودھری مظفر حسین تارڑ، سی ای او ہیلتھ ڈاکٹر ظہیر احمد سمیت ضلعی انتظامیہ اور پولیس کے افسران فوری طور پر ڈی ایچ کیو ہسپتال پہنچ گئے جہاں وہ متاثرہ بچوں کے علاج معالجہ کی نگرانی کرتے رہے۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ ڈی ایچ کیو ہسپتال کے تمام اسپیشلسٹ ڈاکٹرز کو فوری طور پر طلب کر لیا گیا جنہوں نے متاثرہ بچوں کے علاج معالجہ کی بھرپور کوششیں کیں۔ انکا کہنا تھا کہ اس افسوسناک واقعہ پر انہیں دلی طور پر دکھ اور صدمہ پہنچا، مشکل اور غم کی اس گھڑی میں بھی خاندانوں کو کسی صورت تنہا نہیں چھوڑ سکتے، ضلعی انتظامیہ کی جانب سے واقعہ کی ہر لحاظ سے تحقیقات کی جا رہی ہیں۔ ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ چلڈرن ہسپتال لاہور ریفر کیے جانے والے متاثرہ بچوں کے ساتھ محکمہ صحت کے ڈاکٹرز اور دیگر پیرا میڈیکل سٹاف کو بھی بھجوایا گیا تھا۔ دوسری جانب ڈی پی او کا کہنا تھا کہ تھانہ سٹی پولیس نے نامعلوم رکشہ ڈرائیور کے خلاف واقعہ کا مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے۔ زہریلی مٹھائی کھانے سے جاں بحق اور متاثر ہونے والے بچوں کی عمریں چھ سال سے تیرہ سال کے درمیان بتائی جاتی ہیں اور تمام بچے آپس میں قریبی رشتہ دار ہیں۔

کسانوں کا اے سی آفس لالیاں کے باہر احتجاجی مظاہرہ

مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے بینرز اٹھا کر نعرے بازی کی: گندم کی قیمت مقرر کی جائے: مطالبہ



لالیاں (رانا کاشف فلیم سے) پنجاب حکومت کی جانب سے گندم کے مناسب ریٹ اور خریداری کا شروع ہونے پر کسانوں کا اے سی آفس لالیاں کے باہر پر احتجاجی مظاہرہ۔ مظاہرہ میں کسانوں اتحاد ڈسٹرکٹ پٹیوٹ کے عہدیداران کی شرکت۔ تفصیلات کے مطابق کسان اتحاد تحصیل لالیاں کے زیر اہتمام لالیاں اسسٹنٹ کمشنر آفس کے سامنے کسانوں نے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے ہاتھوں میں پلے بینرز اٹھا کر نعرے بازی کی۔ مظاہرین کا کہنا تھا کہ گندم کے مناسب حقیقی معاوضہ نہ ملا تو خالد حسین بالٹھ کے حکم پر احتجاج کا دائرہ کار وسیع کر دیا جائے گا اور آئندہ سال گندم کی کاشت انتہائی کم ہو جائے گی پنجاب حکومت بیج کھاد، زرعی آلات کی قیمتوں میں نمایاں کمی کرے، رواں سال کھاد، بیج، پانی، بجلی اور دیگر زرعی مداخلات کے ریٹ دوگنا سے بڑھ چکے ہیں مطالبات نا ماننے گئے تو احتجاج کا دائرہ کار وسیع کریں گے۔ احتجاجی مظاہرہ میں کسان اتحاد تحصیل لالیاں کے صدر رائے محمد شمشیر پنلو بھٹی۔ چیئرمین ملک شعیب کھوکھر ضلعی جنرل سیکرٹری مہر محمد مختار ساہمل۔ رائے اکرام اللہ بھٹی۔ حاکم خان کلہ کے علاوہ کسانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔

ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر میں ممتاز کی تجاوزات کے خلاف کاروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) ڈپٹی کمشنر احمد عثمان جاوید کی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر میں ممتاز کی تجاوزات کے خلاف کاروائیاں، 7 نمبر چونگی اور نواحی علاقہ چک نمبر 22 جی ڈی میں اینٹی انکروچمنٹ ٹیموں کی جانب سے تجاوزات کے خلاف گرینڈ آپریشن کیا گیا اور بھاری مشینری کی مدد سے پختہ تجاوزات مسمار کر دی گئیں، اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنر نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب کی گائیڈ لائنز کے مطابق تجاوزات کے خلاف بلا امتیاز کاروائیاں کی جا رہی ہیں، اس سلسلہ میں تجاوزات مافیا کو ہرگز معاف نہیں کیا جائے گا اور عوامی سہولت کو پیش نظر تجاوزات کے مکمل صفایا تک کاروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

آج صبح نو بجے سے شام پانچ بجے تک گیس بوجہ کام عارضی طور پر بند رہے گی ایس ایم ایس

دیپالپور ساہیوال ریجن میں مین پائپ لائن پر ہک اپ کے باعث گیس کی بندش ہوگی

دیپالپور (زاہد عمران خاں۔ تجوعہ) دیپالپور شہر حویلی لکھا روڈ اور شہر حجرہ شاہ مقیم روڈ و شہر سٹینڈرڈ سپننگ مل، پاکپتن روڈ اوکاڑہ روڈ پہلی پہاڑ روڈ ان علاقوں میں آج گیس بند رہے گی تفصیلات کے مطابق ڈپٹی چیف سوئی گیس ساہیوال ریجن چوہدری محمد اسلم نے گیس بندش آگاہی کے حوالے سے اپنے بیان میں کہا کہ بدھ 16 اپریل صبح نو بجے سے شام پانچ بجے تک گیس بوجہ کام عارضی طور پر بند رہے گی ایس ایم ایس دیپالپور ساہیوال ریجن میں مین پائپ لائن پر ہک اپ کے باعث گیس کی بندش ہوگی جس میں دیپالپور شہر، حویلی لکھا روڈ اور شہر، حجرہ شاہ مقیم روڈ و شہر سٹینڈرڈ سپننگ مل، پاکپتن روڈ، اوکاڑہ روڈ، پہلی پہاڑ روڈ اور ملحقہ علاقے شامل ہیں ان اوقات میں گیس صارفین کسی بھی قسم کے حادثے سے بچنے کے لئے گیس کی بندش کے دوران گیس کے آلات مکمل طور پر بند رکھیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے عوام کو آگاہی کے حوالے سے اپنے ایک بیان میں کی اور انہوں نے مزید کہا کہ عارضی بندش پر عوام کو پریشانی پہنچنے پر معذرت خواہ بھی ہیں لیکن سوئی گیس کی بہترین فراہمی کیلئے ایسے اقدامات اٹھانے ضروری ہیں جس کی بدولت مستقبل میں گیس صارفین کو گیس پہنچانے میں آسانی ہوگی۔

بچوں کی تفریح کے لیے لگائے گئے جھولوں پر سہولیات کا فقدان: نوٹس کا مطالبہ

ظفروال (زاہد مجید سے) تفصیلات کے مطابق سابق حکومت پنجاب کے دور میں ظفروال سے دوکھو میٹر کے فاصلے پر بنائے جانے والے کی پارک میں عوام کی عدم دلچسپی کے بعد تحصیل انتظامیہ نے ایم اے کے فنڈ سے پرانی پانی والی کمپنی کے ایک کونے میں لاکھوں روپے لگا کر بچوں کی تفریح کے لیے جھولے تو لگا دیئے مگر وہاں پر بھی تحصیل انتظامیہ بچوں کو مناسب سہولیات نہ دے سکی۔ تین مرلے کے پلاٹ میں جو جھولے لگائے گئے ہیں وہاں پر نہ تو کوئی چھاؤں کا بندوبست کیا گیا ہے اور نہ ہی پینے کے لیے پانی کا۔ وہاں پر کڑی دھوپ میں معصوم اور چھوٹی عمر کے بچے جھولے لیتے نظر آتے ہیں وہاں کی انٹرنس پر صفائی کا کوئی بندوبست نہیں انٹرنس کے ارد گرد جڑی بوٹی جمالیاتی ادوار بارے اقتباسات پر روشنی ڈالتے فرمایا بچوں کا استقبال کرتی ہے۔

قبلہ حکیم ظہیر الاحسن قریشی قدیمی شفا خانہ سعیدیہ کے وارث ہیں

درویش منش بڑے حکیم صاحب صدیوں قدیمی روڈس کے محافظ ہیں۔ عمائدین شہر اقبال



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) صدیوں پرمحیط قدیم تاریخ کے حامل قبل از مسیح کے آباد شہر سیالکوٹ کے گاؤں روڈس میں مغلیہ دور حکومت سے بھی قبل شعبہ حکمت کی اعلیٰ میراث لئے اپنے جد امجد سے وراثت علم و حکمت و صاحب کمالات کے حامل خاندانی حکیم درویش منش نورانی چہرہ بڑے حکیم جناب زی وقار محترم ظہیر الاحسن قریشی صاحب کیساتھ ایک فکری نشست کے متعدد دور ہوئے۔ جس میں انہوں نے تاریخ کی ورک گردانی کرتے قدیمی شفا خانہ سعیدیہ روڈس کے روشن باب پر سے تاریخی تخلیقی و جمالیاتی پہلوؤں پر روشنی ڈالتے فرمایا کہ ہمارے آباؤ اجداد ہجرت فرما کر قبل از مسیح کے قدیم ترین شہر سیالکوٹ روڈس میں آباد ہوئے اور پاکستان کے مختلف شہروں میں مخلوق اللہ ہو علم و حکمت اور دانائی سے سرفراز کیا۔ شفا خانہ سعیدیہ کے کامیاب علاج یافتہ برصغیر پاک و ہند اور عرب ممالک و انگلستان و دنیا کے دیگر ممالک تک کے مسلم و نام مسلم بیشمار افراد ہیں۔ شفا من جانب اللہ اور ہم الحمدللہ اللہ کی مخلوق کا شافی علاج شفاخانہ سعیدیہ روڈس میں کر رہے ہیں۔

گورنمنٹ ہائی سکول بوائز احمد آباد میں تقریب تقسیم انعامات کی پروقار اور تاریخی تقریب منعقد ہوئی

گورنمنٹ ہائی سکول احمد آباد کا سٹاف بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے: میاں شکیل احمد عظیم



احمد آباد (نمائندہ خصوصی) احمد آباد گورنمنٹ ہائی سکول بوائز احمد آباد میں تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی تقریب کے مہمان خصوصی میاں شکیل احمد عظیم سماجی شخصیت تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے زاہد محمود رانا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افیسر (سیکنڈری ایجوکیشن) ضلع نارووال نے کہا کہ گورنمنٹ ہائی سکول احمد آباد کا سٹاف بہترین خدمات سرانجام دے رہا ہے انہوں نے والدین پر زور دیا کہ وہ بچوں کی بہتر پڑھائی کے لیے اساتذہ کے ساتھ بھرپور تعاون فرمائیں۔ اس موقع پر سرنیاز حسین سٹاف سیکرٹری نے کہا کہ اساتذہ کو اپنی خدمات نہایت خوش اسلوبی سے اور بطریق احسن سر انجام دینی چاہیے انہوں نے کہا کہ سکول کے ساتھ مالی طور پر تعاون کرنے والی شخصیات ہمارا بہت بڑا اثاثہ ہیں۔ ملک رحمت علی انچارج پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول احمد اباد اور عبدالمنان بٹ سابق پرنسپل گورنمنٹ ہائی سکول بوائز احمد آباد نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہمارا مقصد بہترین طریقے سے بچوں کو زیور تعلیم سے آراستہ کرنا ہے اور ہم اس مشن پر کاربند رفرما اور کار بند رہیں گے۔ عبدالشکور بانی وصدر سٹی پریس کلب احمد آباد نے کہا کہ سکول کی بہتری میں اساتذہ کی کوششیں لائق تحسین ہیں انہوں نے کہا کہ سرنیاز حسین اعلیٰ قابلیتوں کے حامل استاد ہیں جن کی کوششوں سے سکول کے تمام شعبہ جات میں بہتری آرہی ہے۔ ڈاکٹر سید محمد امین گیلانی، مقررین نے بھی تقریب سے خطاب کیا اور اساتذہ کی کارکردگی کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا۔ اس موقع پر پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں شیلڈز جب کہ طلبہ کے والدین میں قران پاک تقسیم کیے گئے۔ ڈاکٹر سید محمد امین گیلانی، میاں شکیل احمد، مرزا شکیل احمد صدر پبلک ویلفیئر سوسائٹی رجسٹرڈ احمد آباد، زاہد محمود رانا، میاں زاہد عویز، محمد عثمان، محمد اشرف مغل، حاجی محمد اکمل، حکیم شیخ واصف عباس، ملک شہباز احمد، مرزا محمد مالک مغل، عبدالمنان بٹ، ملک رحمت علی، سرنیاز حسین، شیخ محمد یاسر علی، محمد رضوان طاہر، محمد سرفراز، اشفاق احمد اور حاجی اعجاز محمود کو شیلڈز پیش کی گئیں جب کہ دیگر مہمانوں کو قران پاک کا تحفہ دیا گیا۔ تقریب میں والدین، صحافی برادری، سیاسی، سماجی، علمی شخصیات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ سرنیاز حسین کو لاکھوں روپے کی ڈونیشن میں اہم کردار ادا کرنے پر ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کی طرف سے محترم زاہد محمود رانا ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری ایجوکیشن) ضلع نارووال نے تعریفی سرٹیفکیٹ سے نوازا۔ تقریب کے آخر پر شرکاء کو ضیافت پیش کی گئی۔

کمشنر گوجرانوالہ کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال گوندلانوالہ کا دورہ

ڈاکٹروں اور مریضوں سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجہ کے معیار اور رویوں کے حوالے سے معلومات حاصل کیں



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن سید نوید حیدر شیرازی کا ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹر ٹیچنگ ہسپتال گوندلانوالہ کا اچانک دورہ، ایمرجنسی، لیبارٹری، فارمیسی، اور او پی ڈی کا تفصیلی جائزہ ڈی کا تفصیلی جائزہ لیا۔ اس دوران انہوں نے ڈاکٹروں اور مریضوں سے فراہم کی جانے والی طبی سہولیات، علاج معالجہ کے معیار اور رویوں کے حوالے سے معلومات حاصل کیں۔ کمشنر نے ادویات کے ریکارڈ کا بھی معائنہ کیا اور عملے کو سختی سے ہدایت کی کہ ہسپتال میں دستیاب تمام مفت ادویات مریضوں کو بروقت اور شفاف انداز میں فراہم کی جائیں، انہوں نے کہا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کی خصوصی ہدایات ہیں کہ ہسپتالوں میں علاج معالجہ اور ادویات کی مفت فراہمی میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی، انہوں نے ہسپتال انتظامیہ کو صفائی، سٹاف کی حاضری اور دیگر سہولیات کی بہتری کے لیے مزید اقدامات کی ہدایت کی اور اس عزم کا اظہار کیا کہ عوام کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے گی۔ بعد ازاں انہوں نے گوجرانوالہ میڈیکل کالج کے احاطہ میں قرآن مجید میں ذکر کیے گئے پھلدار جن میں انجیر، انگور، کیلا وغیرہ شامل ہیں پودے لگانے اور وطن عزیز کی سلامتی کے لیے خصوصی دعا کی گئی اس موقع پر پرنسپل گوجرانوالہ میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر اقبال حسین ڈوگر، ایم ایس ڈاکٹر نمیر عمران شیرازی، ڈاکٹر کوثر کے علاوہ دیگر افسران اور کالج کی طالبات نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔

اظہر اقبال کی دعوت ولیمہ پروقار انداز میں نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی

دعوت ولیمہ میں سیاسی سماجی شخصیات قریبی رشتہ داروں، دوستوں، اور صحافی برادری نے کثیر تعداد میں شرکت کی

کوٹ رادھا کشن (نامہ نگار) معروف شخصیت چوہدری محمد اقبال کے صاحبزادہ اظہر اقبال کی دعوت ولیمہ نہایت شاندار اور پروقار انداز میں نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی۔ دعوت ولیمہ میں سیاسی سماجی شخصیات قریبی رشتہ داروں، دوستوں، اور صحافی برادری نے کثیر تعداد میں شرکت کی۔ تفصیلات کے مطابق، نکاح صاحب کے رہائشی معروف شخصیت چوہدری محمد اقبال کے صاحبزادہ اظہر اقبال کی دعوت ولیمہ نہایت شاندار اور پروقار انداز میں نکاح صاحب کے نجی شادی ہال میں منعقد ہوئی۔ خوشی کے اس پر مسرت موقع پر مہمان خصوصی، حاجی عطر خان میو، لیڈھراں، شاہد اقبال رینالہ، سیف الدین کراچی، محمد سہیل، چوہدری دانم کوھراں، چوہدری صائم احمد خان، اسامہ امیر کراچی، مظہر اقبال دبئی، یاسر اقبال دبئی، حافظ آمین اقبال، چوہدری محمد ممتاز خان میو بھوئے آصل، میاں خالد سیف اللہ ممبر امن کمیٹی ضلع قصور، صدر پریس کلب شوکت الرحمن خان نے شادی کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک خواہشات کا اظہار کیا، مہمانوں کی آمد پر ان کا پرتپاک استقبال کیا گیا۔

پھیری لگانے والوں نے لاؤڈ سپیکر سے شہریوں کا سکون تباہ کرنا شروع کر رکھا ہے

لاؤڈ سپیکر اتروائے جائیں علاقہ مکینوں کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر اور قرب وجوار میں پھیری لگانے والوں نے لاؤڈ سپیکر سے شہریوں کا سکون تباہ کرنا شروع کر رکھا ہے ریڑھی بان علی الصبح گدھا گاڑیوں لوڈر رکشوں پر نصب لاؤڈ سپیکر پر اونچی آوازوں میں سبزی کپڑا فروخت کرنے کے صدائیں لگاتے ہیں لاؤڈ سپیکر اتروائے جائیں علاقہ مکینوں کا ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سے نوٹس لینے کا مطالبہ حکومت پنجاب کی طرف سے لاؤڈ سپیکر کے بے جا استعمال پر سخت پابندی عائد ہے مگر انتظامیہ کی نااہلی اور عدم توجہی کے باعث علاقہ بھر میں پھیری لگانے والوں نے گدھا گاڑیوں اور لوڈر رکشوں پر لاؤڈ سپیکر لگا رکھے ہیں جس پر دھڑلے سے اونچی آواز میں سبزیاں پھل اور دیگر اشیاء فروخت کرنے کی صدائیں بلند کرتے ہیں جبکہ گدھا گاڑیوں پر مشکوک قسم کی خواتین اپنے ساتھ چھوٹے چھوٹے مفلوک الحال بچوں کو بٹھا کر علی الصبح اونچی آواز میں بھیک مانگنے کی صدائیں دیتے ہوئے خدا اور رسول کے واسطے دیتی ہے جس سے عوام کا سکون غارت ہو کر رہ گیا ہے حالانکہ حکومت کی طرف سے لاؤڈ سپیکر کے استعمال پر سخت پابندی ہے مسجدوں کے امام اور خطیبوں کے خلاف مقدمات درج کیے جا رہے ہیں مگر ان ریڑھی بانوں اور لوڈر رکشہ ڈرائیورز کو کھلی چھوٹ ملی ہوئی ہے علاقہ کے شہری وسماجی حلقوں نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

رٹائرڈ ہونے والے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ بھٹی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا

تقریب میں ڈاکٹر محمد رفیق ڈاکٹر اکرم سرا امجد رندھاوا ناصر چیمہ پروفیسر اقبال جاوید پروفیسر آصف ہارون پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم اشرف محمد اجمل بھٹی و دیگر کی شرکت



شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ پوسٹ گریجوایٹ کالج شیخوپورہ کے رٹائرڈ ہونے والے پرنسپل پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ بھٹی کے اعزاز میں الوداعی تقریب کا انعقاد کیا گیا جس میں ڈاکٹر محمد رفیق ڈاکٹر اکرم سرا امجد رندھاوا ناصر چیمہ پروفیسر اقبال جاوید پروفیسر آصف ہارون پروفیسر ڈاکٹر عبدالرحیم اشرف محمد اجمل بھٹی پروفیسر محمد مالک بھٹی ڈاکٹر اشفاق ورک پروفیسر محمد نعیم پروفیسر محمد افضل ڈاکٹر داؤد احمد رانا محمد اکرم و دیگر نے شرکت کی، اس موقع پر پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ بھٹی کی فروغ تعلیم کیلئے خدمات کو شاندار الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا گیا جبکہ پروفیسر ڈاکٹر امان اللہ بھٹی نے اپنے خطاب میں تقریب کے انعقاد پر منتظمین کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ کالج بذا سے میری خوشگوار یادیں وابستہ ہیں جنہیں کبھی فراموش نہیں کر سکتا دوران سروس امور ذمہ داری کی انجام دہی کی خاطر بھرپور کردار ادا کیا میری ہمیشہ سے کوشش رہی کہ کالج کا وقار بلند اور طلبہ کی تعلیمی استعداد میں اضافہ ہو جس میں تمام تر اساتذہ نے میرا بھرپور ساتھ دیا جس پر ان کا تہہ دل سے مشکور ہوں اور ان میری دعائیں ہمیشہ ام کے ساتھ رہیں گے۔

آر پی او آفس میں کیپیٹل میڈیکل لیب کے تعاون سے پولیس ملازمین کے لئے بلڈ سکریننگ کیمپ کا انعقاد

پولیس ہیومن ریسورس کی بہترین ویلفیئر اور ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے: ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ



گوجرانوالہ (نوید بخاری قوت بیورو) ریجنل پولیس آفیسر طیب حفیظ چیمہ کی ہدایات پر پولیس ملازمین کی ویلفیئر کیلئے امن اقدام میڈیکل کیمپوں کی فری سہولت فراہم کرنے کیلئے کیپیٹل میڈیکل لیب کے تعاون سے ریجن پولیس آفس گوجرانوالہ میں بلڈ سکریننگ کیمپ کا اہتمام کیا گیا ہے۔ جس میں پولیس ملازمین کے ہیپاٹائٹس بی اور سی، یورک ایسڈ، شوگر سمیت مختلف متعدی بیماریوں کے ٹیسٹ کیے گے۔ کیپیٹل میڈیکل لیب کے ڈاکٹرز اور پیرا میڈیکل سٹاف نے کیمپ میں پولیس ملازمین کے ٹیسٹ کیے۔ کیمپ میں پولیس ملازمین کو مفت ٹیسٹوں کے ساتھ ساتھ ڈاکٹرز نے مفید مشاورت بھی دیے۔ بلڈ سکریننگ کیمپ میں پولیس ملازمین کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور مختلف بیماریوں کے ٹیسٹ بھی کروائے گئے۔ اس موقع پر آر پی او طیب حفیظ چیمہ کا کہنا تھا کہ پولیس ہیومن ریسورس اور فورس کی بہترین ویلفیئر اور ہر ممکن سہولیات کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے۔ مزید آر پی او کا کہنا تھا کہ اس کیمپ کا مقصد پولیس ملازمین کی صحت اور ہاڈی پروفائل کی جانچ کرنا ہے اور سکریننگ کیمپ میں ہونے والے ٹیسٹوں کی رپورٹ کی روشنی میں پولیس ملازمین اپنی صحت کا مزید بہتر طور پر خیال رکھ سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ فیلڈ کے ساتھ ساتھ دفاتر میں کام کرنے والے پولیس ہیومن ریسورس کی بہترین ویلفیئر ہماری اولین ترجیح ہے اور اس حوالے سے دستیاب وسائل کے موثر استعمال اور دیگر اداروں کے ساتھ اشتراک سے مزید اقدامات کا سلسلہ جاری رہے گا۔

ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمداللہ اور میونسپل کمیٹی کے افسران نے چلڈرن ہسپتال لاہور کا دورہ کیا

حافظ آباد (نمائندہ خصوصی) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق کی ہدایت پر ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل حمد اللہ اور میونسپل کمیٹی کے افسران نے چلڈرن ہسپتال لاہور کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے زہریلی مٹھائی کھانے سے متاثر ہونے والے بچوں کی تیمارداری کرتے ہوئے انکے اہل خانہ سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا۔ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر جنرل نے اپنا سارا دن ہسپتال میں متاثرہ بچوں اور انکے لواحقین کے ساتھ گزارا۔ اس موقع پر انہوں نے بچوں کے اہلخانہ سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ضلعی انتظامیہ غم اور دکھ کی اس گھڑی میں تمام متاثرہ بچوں کے خاندانوں کے ساتھ ہے اور بچوں کے ہر ممکن علاج معالجہ کے لیے ان سے مکمل تعاون کیا جائیگا۔

محکمہ ہائر ایجوکیشن کے زیر انتظام تیسرے سالانہ ایچ اے ڈی سپورٹس ایونٹس کا صوبائی مرحلہ اختتام پذیر ہو گیا

صوبائی سطح پر ہونے والے ان مقابلوں میں 9 ڈویژن سے سینکڑوں کھلاڑی طلبہ و طالبات نے شرکت کی

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) محکمہ ہائر ایجوکیشن کے زیر انتظام تیسرے سالانہ ایچ اے ڈی سپورٹس ایونٹس کا صوبائی مرحلہ اختتام پذیر ہو گیا صوبائی سطح پر ہونے والے ان مقابلوں میں 9 ڈویژن سے سینکڑوں کھلاڑی طلبہ و طالبات نے شرکت کی گزشتہ سال کی طرح اس سال بھی گورنمنٹ ایسوسی ایٹ کالج برائے خواتین شیخوپورہ کی ٹیم نے فٹبال میں لاہور ڈویژن کی نمائندگی کی اس سال فٹبال کے صوبائی مقابلوں کی میزبانی کا اعزاز بھی شیخوپورہ کی کالج کے حصے میں آیا۔ کالج کی ہونہار طالبات نے سہیل آباد ڈویژن کو فائنل میں شکست دے کر سرخ اپنے نام کی یادگار صوبائی مقابلوں میں شیخوپورہ کی کالج کی طالبات نے ایتھلیٹکس میں 2 گولڈ میڈل، 3 سلور میڈل اور 2 برونز میڈل بھی جیتے اور اپنے علاقے کا سر فخر سے بلند کیا شیخوپورہ کالج کی یادگار شاندار کامیابیوں پر آل صدیق ویلفیئر فاؤنڈیشن شیخوپورہ کی طرف سے تقریب کا اہتمام کیا گیا جس میں چیئرمین رانا اخلاق احمد، جنرل سیکرٹری رانا محمد اشرف اور رانا محمد اکرم نے طلبہ میں نمایاں کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والی طالبات میں انعامات تقسیم کیے، اس موقع پر لاہور ڈویژن کے ڈائریکٹر کالجز پروفیسر محمد احسن مختار ملک، ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز پروفیسر شمی ادریس، شیخوپورہ کالج کی پرنسپل پروفیسر نغمانہ محمد یار، سپورٹس انچارج مس ثمرین افضال، کوچ راشد حسین بالم، پریس کلب شیخوپورہ کے والدین سماجی وفلاحی تنظیموں اور پریس کلب شیخوپورہ کے عہدیدار بھی موجود تھے۔

گرمی بڑھتے ہی فوڈ پوائزننگ اور گیسٹرو کے امراض میں اضافہ

خواتین، بچے اور بوڑھے پیٹ کے مرض کا شکار ہو کر ہسپتال پہنچنے لگے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) گرمی بڑھتے ہی فوڈ پوائزننگ اور گیسٹرو کے امراض میں اضافہ، خواتین، بچے اور بوڑھے پیٹ کے مرض کا شکار ہو کر ہسپتال پہنچنے لگے۔ موسم گرما کے آغاز سے ہی گیسٹرو کے مریضوں بالخصوص بچوں اور بوڑھوں کو پیٹ، معدہ کی شدید درد کیساتھ بار بار الٹیاں اور پیچش کے امراض بڑھ گئے معروف فزیشن ڈاکٹر جمشید اکبر آرائیں نے کہا کہ گیسٹرو سے بچنے کیلئے اچھی طرح ابال کر پانی پیا جائے، نمکول کا استعمال کیا جائے، بازار کے کھانے اور مشروبات سے مکمل بچا جائے، سبزیاں، گوشت پھلوں کو بہت اچھی طرح دھو کر استعمال کیا جائے، زہریلی ادویات کے استعمال کئے جانے سے پھل سبزیاں بھی بیماریاں پھیلا رہے ہیں ان کا کہنا تھا کہ کھانے سے پہلے ہاتھوں اور برتنوں کو اچھی طرح دھویا جائے ہر گھر میں گیسٹرو سے بچنے کیلئے مخصوص ادویات رکھی جائیں جو رات کے وقت فوری استعمال کی جاسکیں اور طبیعت زیادہ خراب ہونے پر ڈاکٹر سے رجوع کیا جائے۔

گرمی کی امدادی قیمت کا تعین نہ کئے جانے پر کسانوں کی ریلی

پولیس نے فوارہ چوک پر ان پر تشدد کر کے شرکا کو منتشر کر دیا جبکہ چار کارکنوں اور راہنماؤں کو حراست میں لے لیا



حافظ آباد (بیورو رپورٹ) جماعت اسلامی کے زیر اہتمام کسان کمیٹیوں کی جانب سے گندم کی امدادی قیمت کا تعین نہ کئے جانے کے خلاف فوارہ چوک میں لگائے جانے والے احتجاجی کیمپ کو پولیس نے اکھاڑ کر پھینک دیا۔ بعد ازاں کسانوں نے احتجاجی ریلی نکالی تو پولیس نے فوارہ چوک پر ان پر تشدد کر کے شرکا کو منتشر کر دیا جبکہ چار کارکنوں اور راہنماؤں کو حراست میں لے لیا۔ جس پر جماعت اسلامی اور کسان بورڈ کے راہنما پولیس گردی کے خلاف سراپا احتجاج بن گئے تفصیلات کے مطابق جماعت اسلامی کے زیر اہتمام کسان کمیٹیوں نے فوارہ چوک پر گندم کی سرکاری سطح پر خریداری نہ کئے جانے اور امدادی قیمت کا تعین نہ کئے جانے کے خلاف فوارہ چوک میں احتجاجی کیمپ میں دھرنا دینا تھا لیکن پولیس نے علی الصبح اس کیمپ کو اکھاڑ کر پھینک دیا اور جماعت اسلامی کے ضلعی آفس کا گھیراؤ کر لیا جہاں کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر چوہدری امان اللہ چٹھہ، ضلعی امیر جماعت اسلامی ملک شوکت علی پھلروان کی قیادت میں کسانوں نے ریلی نکالنے کی کوشش کی تو پولیس نے انہیں وہاں پر روکے رکھا۔ بعد ازاں کسان اور کاشتکار بھی ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن کے وکلاء کی حمایت بھی حاصل تھی وہ پولیس کے دباؤ کو بالائے طاق رکھتے ہوئے ریلی نکال کر فوارہ چوک پہنچے تو وہاں پر پولیس نے شرکاء پر لاٹھی چارج اور تشدد کیا۔ جس کے خلاف کسان بورڈ پاکستان کے مرکزی نائب صدر امان اللہ چٹھہ نے ضلعی امیر جماعت اسلامی ملک شوکت حیات پھلروان کے ہمراہ پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا کہ انکا احتجاج پرامن تھا۔

ماں بولی پنجابی دا اچیرا دیہاڑ ساہڈی سچی رہتل اے: مجاہد حسین علوی

پنج دریاواں دی دھرتی دے ملاپڑے لوک تے رہتل ساڈا اچیرا دیہاڑ ہے: شہر داوڈاافسر



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) اے دھرتی پنج دریاواں دی اے سیالکوٹ اے بگری ٹھنڈیاں چھاواں دی تے لوک نغمے گاؤندیاں پنجاب رہتل دیہاڑ تے سیالکوٹ تعلیم دے وڈے تے من موہنے افسر مجاہد حسین علوی ہوراں سیالکوٹ دے سچے لکھاریاں نال ماں بولی پنجابی دیہاڑ مناؤندیاں دیا۔ اوہنا آکھیا پئی آج پنجابی رہتل دیہاڑ سیالکوٹ دے چھوٹیاں وڈیاں سکولاں وچ منایا جاریا اے تے ایندے وچ اکو توں اک سکول ودھ ودھ کے حصہ لے ریا اے تحصیل ڈسکہ سیالکوٹ پسرور سمبڑیال دے سارے س

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

کیا پاکستان ایک نئی امریکی جنگ میں مہرہ بننے والا ہے؟

امریکی کانگرس کے ایک وفد نے آرمی چیف جنرل عاصم منیر، وزیر داخلہ محسن نقوی اور دیگر پاکستانی حکام سے ملاقات کی ہے۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ نے جی ایچ کیو میں ہونے والی ملاقات کو خوشگوار اور باہمی احترام کا اظہار قرار دیا۔ وفد سے ملاقات کے بعد وزیر داخلہ محسن نقوی نے کہا کہ 'پاکستان دنیا اور دہشت گردی کے بیچ دیوار بن کر کھڑا ہے۔ دہشت گردی ایک عالمی چیلنج ہے۔ عالمی برادری کو فوری طور سے پاکستان کے ساتھ تعاون کرنا چاہیے'۔ امریکی صدر ٹرمپ اس وقت دہشت گردی کے خلاف جنگ پر غور کرنے کی بجائے تجارتی بالادستی کی لڑائی لڑنے میں مصروف ہیں۔ وہ چین کے خلاف دیواریں تعمیر کرنے اور معاشی لحاظ سے اسے نقصان پہنچانے کی حکمت عملی پر کاربند ہیں۔ چین نے امریکی صدر کی خواہش کے برعکس ڈونلڈ ٹرمپ سے معاملات طے کرنے کی درخواست نہیں کی بلکہ متبادل اقدامات کے ذریعے چینی مفادات کے تحفظ کا اعلان کیا ہے۔ ایسے موقع پر ایک امریکی وفد کی پاکستان آمد اور پاکستانی وزیر داخلہ کی طرف سے دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی اہمیت کو نمایاں کرنے کی کوشش سے واضح ہوتا ہے کہ یہ دورہ عمومی نوعیت کا نہیں ہے بلکہ اس طریقے سے امریکی حکومت کوئی وسیع البنیاد مقاصد حاصل کرنا چاہتی ہے۔ دنیا کے ہر ملک کو تمام اقدامات اپنے مفاد اور بہتری کے تناظر میں ہی طے کرنے چاہئیں۔ تاہم گزشتہ نصف صدی کے دوران پاکستان نے امریکہ کے ساتھ دو جنگوں میں تعاون کیا اور اپنی دسترس سے بڑھ کر امریکی مفادات کے لیے خدمات پیش کیں۔ ان میں ایک افغانستان میں سوویت یونین کی افواج کے خلاف مجاہدین کی جنگ تھی۔ پاکستان نے اس دوران سوویت یونین کے خلاف فرنٹ اسٹیٹ کا کردار ادا کرتے ہوئے خود کو مکمل طور سے امریکی مفادات کے لیے وقف کر دیا۔ تاہم اس جنگ کے خاتمہ پر امریکہ نے نہ صرف افغانستان سے منہ موڑ لیا بلکہ پاکستان کو بھی نظر انداز کر دیا گیا۔ حالانکہ سوویت افواج کے انخلا کے بعد افغانستان خانہ جنگی کا شکار ہو چکا تھا اور ہمسایہ ملک میں جنگی کارروائیوں میں مواصلت و تعاون کرنے کی وجہ سے پاکستانی معاشرے کو انتہا پسندی، منشیات و اسلحہ کی اسمگلنگ اور دیگر مسائل کا سامنا تھا۔ پاکستان اس وقت افغان مہاجرین کے جس مسئلہ سے ہنگامی بنیادوں پر نمٹنے کی کوشش کر رہا ہے، اس کا آغاز بھی سوویت افواج کے خلاف مجاہدین کی لڑائی کے دوران ہوا تھا۔

پاکستان نے اس جنگ کی بھی بھاری قیمت ادا کی تھی۔ افغانستان میں شدید گروہ بندی اور خانہ جنگی کی وجہ سے طالبان طاقت ور ہو گئے اور انہوں نے افغانستان میں حکومت قائم کر لی۔ یہ حالات کسی طور سے پاکستان کے قومی مفادات اور سماجی ڈھانچے کے لیے سازگار نہیں تھے لیکن امریکہ کے عالمی ایجنڈے میں اس کا مکمل ساتھ دینے کے باوجود امریکہ نے ان حالات میں پاکستان کو بالکل تنہا چھوڑ دیا۔ پاکستان اس وقت جس دہشت گردی یا شدت پسندی کا سامنا کر رہا ہے، اس کی جڑیں درحقیقت اسی زمانے میں پیدا ہونے والے مسائل سے جا ملتی ہیں۔ بعد از وقت دیکھا جا سکتا ہے کہ اگر امریکہ سوویت انخلا کے بعد افغانستان اور پاکستان کو تنہا نہ چھوڑتا، مذہب کی بنیاد پر تیار کیے گئے مجاہدین کو جنگ کے بعد نیوٹرلائز کرنے اور روزگار کے متبادل مواقع فراہم کرنے کے لیے کام کیا جاتا، کابل میں کسی متوازن اور جمہوری روایات کے مطابق منتخب ہونے والی حکومت قائم کرنے کی کوشش ہوتی اور پاکستان کو جنگ میں معاونت کے لیے تنہا نہ چھوڑ دیا جاتا تو شاید امریکہ نائن الیون جیسی دہشت گردی سے محفوظ رہ سکتا تھا 2001 میں نیویارک کے ٹوین ٹاورز پر دہشت گرد حملہ کے بعد امریکی حکومت کو احساس ہوا کہ جس افغانستان کو کمیونزم کے خلاف استعمال کر کے تنہا چھوڑ دیا گیا تھا۔

ایک خط جو بستر مرگ پر پڑھا گیا

تحریر: محمد حمید شاہد

لسانی مباحث سے خاص رغبت رکھنے والے ممتاز محقق پروفیسر غازی علم الدین سے میری بس ایک ہی ملاقات رہی ہے اور وہ بھی میر پور آزاد کشمیر کی ایک تقریب میں۔ ہم اسٹیج پر پاس پاس بیٹھے رہے دو چار باتیں تب ہوئیں اور کچھ باتیں تقریب کے بعد۔ انہوں نے شکوہ کیا تھا کہ مجھے ان کی کتب پر ردعمل دینا چاہیے تھا۔ کچھ ایسا ہی مطالبہ وہ اپنے خطوط میں بھی کر چکے تھے۔ اس بار ان کی دو کتب ملیں تو میں نے انہیں پڑھ کر ایک خط میں مفصل ردعمل دیا تاہم افسوس کہ تب تک وہ اپنی علالت کے سبب ہسپتال پہنچ چکے تھے۔ غازی صاحب کی کتاب کشادِ فکر و آگہی میں ایک مقام پر پڑھ چکا تھا کہ وہ سرطان کے مرض میں مبتلا ہیں تاہم ان کا حوصلہ بلند رہا اور وہ لکھنے پڑھنے میں مشغول رہے لہٰذا گماں تک نہ تھا کہ یہ بیماری انہیں یوں لے اڑے گی۔ میرا خط انہیں مل گیا تھا۔ انہی کے فون نمبر سے مجھے دوبارہ بھیجنے کو کہا گیا تھا کہ پہلی فائل کھلی نہ تھی۔ دوبارہ بھیج دیا اور میں نے اندازہ کر لیا تھا کہ وہ پڑھ لیا گیا تھا۔ تاہم بہت دیر ہو گئی تھی۔ بیماری نے انہیں یوں نہ پچھاڑا ہوتا تو ان کا جواب بھی آتا۔ میں انتظار کرتا رہا مگر یہ دکھ دینے والی خبر ملی کہ وہ نہیں رہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔

وہ خط جو میں نے انہیں لکھا تھا وہ دراصل ان کے کام کے حوالے ہی سے تھا؛ اسے میرا حاصل مطالعہ کہہ لیں۔ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ وہ پڑھنے والوں کی نظر سے بھی گزرے کہ کچھ ایسی باتیں ہیں جن پر مکالمہ آگے چلنا چاہیے۔) م ح ش(

مکرمی پروفیسر غازی علم الدین

السلام علیکم

آج جو کتب ڈاک سے ملیں، ان میں آپ کی، تخصیص، لسانی اور تنقیدی مطالعات پر مشتمل کتاب کشادِ فکر و آگہی بھی تھی۔ یہ کتاب پاکر میں خوش ہوا، خفیف اور سبک سار بھی۔ خوشی اس امر کی رہی کہ آپ نے بھلایا نہیں، اس خاکسار کو یاد رکھا اور خفیف یوں ہوا کہ میں نے قبل ازیں مل چکی کتب پر کچھ کہنے کا قرض ادا کیوں نہ کیا۔ واقعہ یہ ہے کہ جب میں لسانی زاویے یا لسانی مطالعے پڑھ رہا تھا تو کئی سوال سوجھے تھے اور میں نے انہیں کہیں لکھ بھی لیا تھا مگر، لکھنے پڑھنے ہی کی کسی اور مصروفیت نے آن لیا اور پھر یہ معاملہ قضا ہوتا چلا گیا۔ ایسی ہی کسی صورت حال سے بچنے کے لیے میں نے آپ کی تازہ کتاب ملتے ہی اٹھالی اور پھر کچھ ایسا جادو ہوا کہ آخر تک پڑھتا چلا گیا۔

علمی اور ادبی حلقوں میں آپ کی شہرت سنجیدہ لسانیاتی مباحث کے باب میں ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ آپ ہر بار اپنے مقدمے کے لیے زیر بحث لسانی ساخت کو بہت منطقی انداز سے دیکھتے ہیں اور اظہاری ساخت امر موجہ اصطلاح کی کسی مستقل لسانی اصول کے تحت، سنجیدگی اور شائستگی سے اصلاح تجویز کر دیتے ہیں۔ آپ کی کتاب کے صفحہ نمبر 102 پر مقتبس عبدالستار دلوی کے مکتوب میں بجا طور پر اس جانب توجہ مبذول کرائی گئی ہے کہ اختلاف رائے مہذب طریقے سے کیا جا سکتا ہے تضحیک آمیز لہجے میں نہیں۔ مہذب طریقہ آج کل ہمارے زبان و ادب کے علما اور ادیبوں میں عنقا ہوتا جا رہا ہے۔ میرا خیال ہے کہ اس قرینے کو آپ کی کتب سے سیکھا جا سکتا ہے۔

میرا شمار آپ ان لکھنے والوں میں کر سکتے ہیں جنھوں نے زبان کو سبقا سبقا نہیں، تخلیقی ادب پڑھ کر سیکھا ہے۔ میری مکتبی تعلیم سائنس کے مضامین) بہ قول سید ضمیر جعفری زراعت اور بستانیت یعنی ہارٹیکلچر (کی رہی ہے اور رزق کمانے کو بینکاری کے شعبے سے وابستہ رہا۔ پڑھنا لکھنا میرا جنون اور سانس لینے جیسا زندگی اور موت کا سا مسئلہ رہا ہے۔ وہ لسانی مباحث جو آپ کے ہاں اہم ہو جاتے ہیں اور بہت اہم ہیں کبھی میرا مسئلہ نہ ہو سکے۔ میں الفاظ کے تخلیقی استعمال کی جانب نکلتا رہا ہوں اور جملوں کی ایسی ساخت کو ڈھالتا رہا ہوں جو محض الفاظ کے لغوی معنوں تک محدود نہ رہیں، اس روح اور ان سایوں، وقفوں، آوازوں، سرسراہٹوں اور نظر نہ آنے والے دائروں کو بھی پڑھنے والوں کے دھیان میں لے آئیں جنہیں میرا قلم صرف تخلیقی عمل کے وقفوں ہی میں گرفت میں لے پاتا رہا ہے۔ آپ کی کتب پڑھ کر اور آپ کے موضوعات کے تنوع کو دیکھ کر مجھے اندازہ ہوا کہ آپ لسانی تناظر کی طرف آتے ہوئے تہذیبی، ثقافتی اور نفسیاتی پہلوؤں کو بھی سامنے رکھتے رہے ہیں اور یوں کچھ مضامین میں ان لسانی علاقوں کی طرف نکل کر ہماری رہنمائی فرماتے رہے ہیں جو علاقے ہمیں عزیز ہیں۔

اس تازہ کتاب کے شخصی مطالعے والے حصے کا ایک مضمون) علامہ جاوید بن عبداللہ :دشت تنہائی کا آبلہ پا مسافر (تو ایسا ہے کہ میں نے اسے فکشن کی طرح پڑھا ہے۔ اس حصے کے مضامین پڑھ کر مجھے خیال آتا رہا کہ اگر آپ فکشن لکھنے کو اپنی ترجیحات میں رکھتے تو اس میدان میں بھی آپ کے نام کا ڈنکا بج رہا ہوتا۔ سادہ سہل عبارت میں تاثیر رکھ لینے اور قاری کی توجہ گرفتار رکھنے کا قرینہ آپ کے قلم میں ہے۔ لاہور میں جنھیں ملا کی ذیل میں کچھ ایسی شخصیات بھی مذکور ہوئیں جن کو میں نے قریب سے دیکھا اور ربط رہا۔ یہاں شخصیات اختصار کے ساتھ آئیں مگر اپنے مزاج کی پوری قامت دکھاتی رہی ہیں۔ حکیم محمد موسیٰ امرتسری کے خمیرہ گاؤزبان کی لذت میں نے زبان پر محسوس کی اور ان کی کتب سے لدے ہوئے ٹرکوں کو اپنی بھیگی آنکھوں سے 55 ریلوے روڈ لاہور سے نکلتے دیکھا۔ گورے چٹے اور سفید اجلا لباس پہنے محمد اسحاق بھٹی ہوں یا پہندنے والی سرخ ترکی ٹوپی پہنے انوکھی وضع قطع والے میانہ قد کے بزرگ استاد، عالم اور فلسفی ڈاکٹر برہان احمد فاروقی، اپنے خواب میں رسول اللہ ﷺ کو دیکھنے اور ان کا حکم سنانے کے بعد اپنی مجلس عاملہ سے اس بابت توثیق چاہنے والے علامہ طاہر القادری ہوں یا اونچے لمبے قد اور طرے دار دستار والے مولانا عبدالستار نیازی یا پھر دوسری اسی مرتبے کی شخصیات جن کا اس حصے میں ذکر ہوا ان کی تصویریں بھی ذہن پر نقش ہوتی گئی ہیں۔ مشاہیر ادب کے ساتھ آخری ملاقاتوں والا مضمون ہو یا ڈاکٹر محمد رفیع الدین جیسی نابغہ روزگار شخصیت کا تذکرہ پڑھے جانے کے لائق تحریریں ہیں۔ بن دیکھے جتنا انھیں جانتا ہوں میں آپ نے ڈاکٹر عبدالستار دلوی سے اپنے رابطوں، خطوط، ان کے کام کے تذکرے اور ان کے کام پر معاصرین کی آرا کو کچھ یوں متن کیا ہے کہ ان کی علمی ادبی شخصیت پوری طرح ایستادہ ہو جاتی ہے۔ تاہم میر پور کالج کے پرنسپل صاحبان والا مضمون بھرتی کا لگا۔ اس طرح کے مضامین کالج کے میگزین ہی میں بھلے لگتے ہیں۔

کتاب کے دوسرے حصے لسانی مطالعے کے پہلے مضمون پھر کی معنی آفرینی یا اردو گنتی کے متعلقات، میں نے سطر سطر پڑھ ڈالے مگر خیال گزرتا رہا کہ دونوں میں آپ کو کتنی جان کھپانا پڑی ہوگی۔ ان مطالعات میں لسانی معاملات کو سلجھانے والے سے کم اور ایک محقق سے زیادہ ملاقات ہوتی ہے جس نے اپنے موضوعات پر بہت سے مآخذ کو کھنگالا اور سارا مواد ایک خاص قرینے سے یوں مرتب کر دیا کہ موضوع روشن ہوتا چلا گیا۔ مجھے لگتا ہے کہ ان مضامین میں بہت سا کام اضافی بھی ہے؛ بالکل ویسا ہی جیسے شمس الرحمٰن فاروقی صاحب نے منٹو کے افسانے بو پر لکھتے ہوئے اپنی تحقیق کا کا بہت سا مواد اس افسانے کے تجزیے میں کھپانا چاہا تھا؛ وہ سب اضافی تھا۔ پاکستان میں لسانی کتب کا جائزہ اور پاکستان میں اردو لسانیات کا ارتقا دونوں بہت مفید مضامین ہیں اور ہمیں اس باب میں ہو چکے کام کی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ مجھے اچھا لگا کہ جہاں آپ کی کتب کا ذکر ہوا وہیں آپ کے نقطہ نظر سے اختلاف کرنے والے بھی مذکور ہوئے ہیں۔

انسانیت کی عظمت اور رسم و رواج

تخلیق نامہ

تخلیق صدیقی



اگر ہم تھوڑی دیر رک کر یہ سوچیں کہ ہم اپنی زندگی میں کتنا کچھ صرف اپنے اوپر خرچ کرتے ہیں تو شاید ہمیں اندازہ ہو کہ ہماری ضروریات اصل میں اتنی زیادہ نہیں جتنی ہم نے خود بنالی اکثر ہمارا وقت دولت۔ اور توانائیاں ایسی چیزوں پر صرف ہوتی ہیں۔ جو صرف اور صرف وقتی خوشی تو دیتی ہیں مگر روح کو سکون نہیں پہنچاتی۔ حقیقی خوشی اور سکون تب حاصل ہوتا ہے جب ہم اپنی ذات سے نکل کر دوسروں کے بارے میں سوچتے ہیں۔۔ اگر ہم اپنی ضروریات کو محدود کر لیں فضول خرچی سے بچیں اور اپنی صلاحیتوں کو عوام کی بھلائی کے لیے استعمال کریں تو نہ صرف ہم ایک بہتر معاشرہ تشکیل دے سکتے ہیں بلکہ اپنی روح کو بھی حقیقی سکون دے سکتے ہیں۔ کسی بھوکے کو کھانا کھلانا کسی بیمار علاج کروانا کسی غریب بچے کی تعلیم کا بندوبست کرنا یا کسی بے سہارا کو سہارا دینا یہ سب ایسے کام ہیں جن کا اثر صرف دوسرے انسانوں پر نہیں پڑتا بلکہ کرنے والے کے دل میں بھی ایک خاص طرح کا اطمینان اور خوشی پیدا کرتا ہے ہمیں چاہیے کہ ہم اپنی زندگی کو دوسروں کے لیے اسان بنانے کی کوشش کریں دنیا میں ہماری موجودگی کا مقصد صرف اپنی خواہشات کی تکمیل نہیں بلکہ دوسروں کے لیے فائدہ مند بننا بھی ہے اگر ہم اپنی ذات کو دوسروں کے لیے نفع بخش بنا دیں تو یہی زندگی کا اصل مقصد اور روح کی اصل غذا ہے اگر دیکھا جائے تو اس وقت ہمارے معاشرتی رویے ایک عجیب وغریب صورت حال کا شکار ہیں۔ ہم نے شادیوں، تہواروں اور دیگر مواقع پر ایسی رسوم اور رسم ورواج کو اپنی زندگیوں کا حصہ بنالیا ہے جو اصل مقصد سے ہٹ کر محض دکھاوا بن چکا ہے۔ لیکن ہم کبھی نہیں سوچتے کہ ان رسموں کی آڑ میں ہم کتنی عظیم چیزوں کو نظر انداز کرتے ہیں۔ شادیوں میں کھانے پینے کی بے شمار قسمیں، خوبصورت ملبوسات، شاندار محافل اور قیمتی تحائف دینے کی دوڑ میں ہم کبھی یہ نہیں سوچتے کہ ہمارے درمیان کتنے لوگ ایسے ہیں جنہیں ایک وقت کا کھانا بھی میسر نہیں آتا۔ ہم خوشی کے مواقع پر اپنے پیسوں کو کھانے اور تفریح پر خرچ کرتے ہیں، لیکن ایک بھوکے انسان کے لیے ایک نوالہ دینا، یا اس کی بنیادی ضروریات پوری کرنا، ہم نے اسے معمولی سمجھ لیا ہے۔" کیا ہم نے کبھی سوچا ہے، جب ہم ایک بھرے دسترخوان پر بیٹھ کر خوشی مناتے ہیں، وہ کتنے لوگ ہیں جو ایک نوالے کے لیے ترستے ہیں؟" شادیوں کی رسم و رواج میں اکثر بے شمار کھانے ضائع ہو جاتے ہیں۔ ایک طرف ہم قیمتی کھانوں کو ضائع کرتے ہیں، دوسری طرف لاکھوں لوگ دن رات بھوکے سوتے ہیں۔ کیا یہ مناسب نہیں ہوگا کہ ہم اپنی خوشیوں میں دوسروں کا بھی خیال رکھیں؟ کیا یہ بہتر نہیں کہ ہم اپنے مال و دولت کو بے جا خرچ کرنے کی بجائے ان لوگوں کی مدد کریں جنہیں اس کی سب سے زیادہ ضرورت ہے؟ یہ صرف کھانے کا معاملہ نہیں ہے، بلکہ انسانیت کے اصولوں کی بات ہے۔ ایک بھوکے کو کھانا دینا صرف فریضہ نہیں، بلکہ یہ روح کی سکونت کا باعث بنتا ہے۔ ایک انسان جب کسی دوسرے کی مدد کرتا ہے تو اس کا دل جتنا سکون محسوس کرتا ہے، وہ لفظوں سے بیان نہیں کیا جا سکتا۔ "زندگی کا سچا لطف، دوسروں کی خوشیوں میں چھپا ہے، ہزاروں پیسے ضائع کرنے سے، کسی کے پیٹ کی بھوک مٹانے میں کہیں زیادہ سکون ہے۔" آج کے دور میں، جب ہم رات کے تین بجے ہوٹلوں میں بیٹھ کر کھانے کی لذت میں غرق ہو جاتے ہیں، ہمیں یہ سوچنا چاہیے کہ اس لذت کے بدلے ہم کتنی قیمتی چیزوں کو کھو رہے ہیں۔ وہ قیمتی چیزیں انسانیت، محبت اور سخاوت ہیں۔ ایک نوالہ جو کسی بھوکے کے منہ تک پہنچ جائے، وہ دراصل انسانیت کی سب سے بڑی عبادت ہے۔ ہم اگر ایک دن کی شادی کی رسموں یا ایک رات کے ہوٹل کے کھانے کے بدلے کسی کی مدد کرنے کی کوشش کریں تو ہمارا معاشرہ ایک نئے رخ پر جا سکتا ہے۔ وہ ایک نوالہ جو ہم کسی بھوکے کو دیں گے، وہ ایک دن کی خوشی سے کہیں زیادہ قیمت رکھے گا۔ "خوشی کی حقیقت یہی ہے، دوسروں کا دل جیتنے میں، محض کھانے کا نہیں، انسانیت کا کھلانا ضروری ہے۔" یاد رکھیں کہ وہ لاکھوں روپے جو ہم مادی چیزوں میں خرچ کرتے ہیں، وہ کسی کا دل خوش کرنے یا بھوک مٹانے سے کہیں زیادہ قیمت نہیں رکھتے۔ جب ہم اپنی خوشی دوسروں کے ساتھ بانٹتے ہیں، ہم ایک حقیقی خوشی محسوس کرتے ہیں، جو کسی بھی عارضی لذت سے زیادہ پائیدار ہوتی ہے۔" کہانی ایک حکمت کی: ایک دفعہ ایک بزرگ حکیم نے کہا، ایک دریا میں پانی کم نہیں ہوتا، جب تم دوسروں کو سیراب کرتے ہو۔ "یہ کہانی ہمیں سکھاتی ہے کہ اگر ہم دوسروں کی مدد کریں گے، تو ہم خود بھی خوش ہوں گے، کیونکہ انسانیت کا راستہ ہی خوشی کا راستہ ہے۔ ہماری دولت کا مقصد صرف خود کو خوش کرنا نہیں ہونا چاہیے، بلکہ اس دولت کو دوسروں کی فلاح و بہبود کے لیے استعمال کرنا چاہیے۔ ہمیں اپنی ترجیحات کو دوبارہ دیکھنے کی ضرورت ہے۔ شادیوں کے بیچ کھانے ضائع کرنے سے کہیں بہتر ہے کہ ہم ان کھانوں کو ان لوگوں تک پہنچائیں جنہیں ضرورت ہے۔ رات کے تین بجے ہوٹلوں میں ضائع کرنے کی بجائے، ہم ایک بھرے دسترخوان پر بھوکے بچوں کو کھلا سکتے ہیں۔ گاڑیاں خریدنے کے بجائے، ہم کسی کی زندگی میں خوشی کا رنگ بھر سکتے ہیں۔ اگر دیکھا جائے تو یہ سب ہماری معاشرتی ذمہ داری ہے۔ ہمارے عمل، ہمارے فیصلے اور ہماری ترجیحات ہی ہیں جو ہمارے معاشرے کو بہتر یا بدتر بناتے ہیں۔ "رسم و رواج کے بندھن میں، کبھی نہ بھولیں انسانیت کا پیغام، جہاں تک ممکن ہو، دوسروں کا بھلا کریں، یہی ہے زندگی کا اصل مقام۔"

کھوئی ہوئی جمہوریت، حقوق اور نہروں کیخلاف تحریک

تحریر: محمد احسان لغاری

جب سے معاشرہ وجود میں آیا ہے، تب سے کسی نہ کسی شکل میں سماجی تحرک معاشرے کے جسم میں خون کی مانند گردش کرتا رہا ہے۔ انہی سماجی ڈھانچوں سے بادشاہتیں، ریاستیں، جمہوریتیں، ممالک اور حکومتیں جنم لیتی رہی ہیں۔ ریاست اور حکومت کے نظم و نسق کے ساتھ سماجی تحریکیں بھی کسی نہ کسی صورت میں جڑی رہی ہیں۔

نئی سماجی تحریکیں اور متنازع رویوں کے مظاہر کو سڈنی ٹارو، جو اس موضوع پر گہری بصیرت رکھتے ہیں، یوں بیان کرتے ہیں: "سماجی تحریکیں ایسی اجتماعی للکار ہوتی ہیں جن کی جڑیں مشترکہ مقاصد، پائیدار رفاقت اور یکجہتی میں پیوست ہوتی ہیں۔ یہ تحریکیں بالعموم طاقتور اور با اختیار اشرافیہ سے ٹکرا کر بنیادی تبدیلیاں لانے کی کوشش کرتی ہیں، یا پھر کسی تبدیلی کے خلاف مزاحمت کرتی ہیں۔" دنیا کی تحقیقات یہ بھی ظاہر کرتی ہیں کہ عدم تشدد پر مبنی تحریکیں زیادہ کامیاب ثابت ہوئی ہیں اور انہیں ملکی، علاقائی اور عالمی سطح پر پہچان اور حمایت بھی حاصل ہوتی ہے۔

برصغیر کی مشترکہ تاریخ بھی اس کی گواہ ہے۔ پاکستان کا دنیا کے نقشے پر ایک آزاد ریاست کے طور پر ابھرنا، عدم تشدد اور جمہوریت پر یقین رکھنے والی جدوجہد کا نتیجہ تھا۔ آج ہم جس تحریک کو "سندھ، سندھو اور جمہوری حقوق کے تحفظ کی تحریک" کہہ سکتے ہیں، اس کے بارے میں سیاسی جماعتوں کی یکجہتی اور قیادت کے سوالات سامنے آ رہے ہیں۔

سماجی سائنس، سوشیالوجی، انتھروپالوجی، سیاسیات، فلسفہ، تاریخ اور ذرائع ابلاغ کا علم ایسے سوالات پر مسلسل تحقیق کرتا رہا ہے۔ یہاں ہم کسی مخصوص نظریاتی بحث میں جائے بغیر، صرف جمہوری حقوق سے جڑی اس تحریک، اس میں شامل افراد اور تنظیموں کے کردار، اور قیادت کے سوال پر بات کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔

اگر دوسری جنگ عظیم کے بعد کے سماجی تحرکات کو دیکھیں، تو ان میں جمہوریت کے فروغ، ووٹ کے حق، نسلی امتیاز کے خاتمے، محنت کشوں اور کسانوں کے حقوق، خواتین کے خلاف تشدد کے خاتمے، ان کی خودمختاری، مقامی باشندوں کے حقوق، آزادی کی جدوجہد، بیرونی اثرات سے نجات، اشتراکیت، ماحولیات، ماحولیاتی آلودگی، موسمیاتی تبدیلی، انسانی حقوق، مظلوم طبقات، عورت مارچ، بلیک لائیوز میٹر، ٹریڈ یونینز کی جدوجہد، تنخواہوں میں اضافہ، مہنگائی، امتیازی سلوک، اور ہندوستان میں کسان تحریک جیسے موضوعات شامل ہیں۔

سندھ میں بھی کسانوں کے حقوق، ون یونٹ کے خاتمے، جمہوریت کی بحالی، سندھی زبان کو قومی زبانوں میں شامل کرنے، کالاباغ ڈیم کے خلاف جامع تحریک، گریٹر تھل کینال پر شدید مزاحمت، خواتین کے حقوق، ثقافت کی بحالی اور اس کی عزت کی تحریکیں، "ثقافت کے دن" کی صورت میں سامنے آئیں۔ آج جو تحریک متنازعہ نہروں کے خلاف جاری ہے، وہ باقی تمام تحریکوں سے زیادہ گہری، پھیلی ہوئی اور وسیع ہے۔ یہ تحریک نہ تو محض جمہوریت کی بحالی کے لیے ہے اور نہ ہی کسی ذاتی مفاد کے لیے؛ یہ جمہوری اور آئینی حقوق کے تحفظ کی تحریک ہے۔

پانی زندگی کی بنیاد ہے، اور سندھ کے لیے یہ صرف ایک ضرورت نہیں بلکہ اس کی بقاء، خوشحالی اور اقتصادی طاقت کا ضامن بھی ہے۔ سندھ میں پانی کی قلت کی وجہ وہ فیصلے ہیں جو گزشتہ ڈیڑھ صدی سے کیے گئے اور جن میں سندھ کو نظر انداز کیا گیا۔ ان فیصلوں نے نہ صرف سندھ کی تاریخی خوشحالی اور ماحولیاتی توازن کو نقصان پہنچایا بلکہ زراعت، صحت، سماجی اور معاشی ترقی کو بھی متاثر کیا۔ اب سندھ اپنے آئینی اور قانونی حق کا مطالبہ کر رہا ہے، جو ہر پاکستانی کا حق ہے۔ یہ تحریک آئین پر مبنی اصولوں پر استوار ہے اور جمہوریت کی پاسداری کی تحریک ہے۔

یہ تحریک یہ پیغام دیتی ہے کہ "اختیار رکھنے والے لوگ آئین اور قانون سے بالاتر ہو کر فیصلے نہیں کر سکتے۔" اس پس منظر میں سندھ کی پانی کے لیے تحریک ایک نہایت اہم اور ناگزیر جدوجہد کے طور پر ابھری ہے، جو سندھ کے لوگوں کے آئینی حقوق، بقاء اور زندگی سے جڑی ہے۔

سندھ انگریز دور سے لے کر آج تک پانی کے اپنے حق کے لیے مسلسل جدوجہد کر رہا ہے۔ مارشل لا ہو، جمہوریت ہو یا ہائبرڈ نظام۔ سندھ نے پانی کے لیے اپنی جدوجہد میں کبھی سانس نہیں روکا اور نہ ہی "اچھے یا برے وقت" پر یقین کیا ہے۔ سندھ نے عوام کی صورت میں، ایک آواز ہو کر للکارا ہے۔ یہ تحریک سندھ کی اجتماعی اور آئینی للکار ہے۔ سندھو دریا، سپت سندھو، اور سندھو کے تمام دریا، صرف نام ہی نہیں!۔ جو سندھ کے سماجی، معاشی، ماحولیاتی اور ثقافتی وجود کی بنیاد ہیں۔ یہ کوئی نعرہ نہیں بلکہ حقیقت ہے۔

اس تحریک کا بنیادی مقصد سندھ کے عوام کو ان کے آئینی حقوق کے تحت پانی کی منصفانہ تقسیم کو یقینی بنانا اور اس کے پائیدار نظم و نسق کے لیے آواز بلند کرنا ہے۔ یہ تحریک کسی سیاسی جماعت کے محدود یا ذاتی مفادات سے متعلق نہیں بلکہ سندھ کی مجموعی بھلائی، اس کی صوبائی اور وفاقی وحدت کی آئینی حیثیت اور عوام کی خودداری سے جڑی ہوئی ہے۔

"یہ سندھ کی بنیادی حیاتیاتی ضرورت کی بات ہے ؛ یہ سندھ کی بقاء ہے! کسی بھی جماعت کی حکومت یا کسی فرد یا گروہ کا ذاتی مفاد، سندھ کی بقاء کی اس جدوجہد کے آگے کوئی معنی یا اہمیت نہیں رکھتا۔"

ہمیں سمجھنا چاہیے کہ یہ سماجی تحریک صرف پانی کی قلت کے حل تک محدود نہیں ہے، بلکہ یہ سندھ اور پاکستان کے عوام کے حقوق کے تحفظ اور عزت سے زندگی گزارنے کی ضمانت ہے۔

سیاسی جماعتوں کا کردار اس تحریک میں انتہائی اہم ہے۔ روشن خیال، جمہوریت پسند، اور سندھ کے حقوق کے لیے آواز اٹھانے والی سیاسی جماعتیں، سماجی تنظیمیں، سول سوسائٹی، مصنفین، ماہرین، صحافی، خواتین، مرد، بچے، فنکار، وکیل۔ پوری سندھ، بغیر کسی پارٹی یا نظریاتی تفریق کے اس میں شامل ہے۔ سندھ کی سیاسی اور سماجی ساخت نے اسے متحرک کیا ہے، اسی لیے ہر سطح پر سیاسی جماعتوں کا کردار اہم ہے۔

اگرچہ سیاسی جماعتیں اس تحریک کو اپنے فائدے کے لیے استعمال کرنے کی کوشش کر سکتی ہیں، لیکن اس کا اصل جوہر اور مقصد سیاست سے بالاتر ہے۔ یہ سمجھنا ضروری ہے کہ کسی بھی مقصد یا کردار کا سیاست سے بالاتر ہونا بھی ایک سیاسی عمل ہے! اس نکتہ کو سمجھنا ضروری ہے۔ سندھ کے عوام نے سیاسی جماعتوں پر لازم کر دیا ہے کہ وہ اس تحریک میں عملی کردار ادا کریں اور پاکستان کے آئین و جمہوری اقدار پر مبنی پالیسی سازی کا حصہ بنیں۔ اب تمام سیاسی جماعتوں اور حکمرانوں کے لیے لازم ہے کہ وہ اس تحریک پر سنجیدگی سے غور کریں اور عوام کے ساتھ کھڑے ہوں۔

یہ پانی کی منصفانہ تقسیم کے لیے اٹھنے والی آواز اب سندھ کے ساتھ ساتھ جنوبی پنجاب، وسیب، پنجاب کے روشن خیال سیاسی و سماجی حلقوں، ماہرینِ آب، اور کاشتکار تنظیموں کی جانب سے بھی بلند ہو رہی ہے۔

درحقیقت سندھ کی یہ تحریک پاکستان کی بقاء، خوشحالی اور وفاقی وحدت کی ضامن ہے۔ یہ ہر اس شخص کی آواز ہے جو انصاف، برابری اور پائیدار ترقی پر یقین رکھتا ہے۔ سندھ کی یہ تحریک ہمیں یاد دلاتی ہے کہ پانی صرف ایک وسیلہ نہیں بلکہ زندگی کا حق ہے، اور اس حق کے لیے جدوجہد ہر اس قوم کا فرض ہے جو اپنے مستقبل کو محفوظ بنانا چاہتی ہے۔

'قومی فلسطین کانفرنس

اسلام آباد میں منعقد ہونے والی 'قومی فلسطین کانفرنس' کے شرکا نے ایک اعلامیہ میں فتویٰ جاری کیا ہے کہ غزہ میں اسرائیلی مظالم کے بعد 'شرعاً الاقرب فی الاقرب کے اصول کے تحت تمام مسلمانوں پر جہاد واجب ہو چکا ہے'۔ اس موقع پر اس 'متفقہ فتویٰ کی روشنی میں خطاب کرتے ہوئے مفتی تقی عثمانی نے سوال کیا کہ مسلم ممالک کی فوجیں اور اسلحہ کس کام کے ہیں، اگر وہ مسلمانوں کو اس ظلم وستم سے نجات نہیں دلا سکتے۔ مفتی تقی عثمانی کے علاوہ مولانا فضل الرحمان، مفتی منیب الرحمان اور مختلف گروہوں اور جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والے متعدد لوگوں نے اس موقع پر پرجوش تقریریں کیں اور عوام کو جہاد کے فضائل سے آگاہ کیا۔ اور واضح کیا کہ اس کانفرنس کے متفقہ اعلامیہ اور فتویٰ کے بعد اب تمام مسلمان ملکوں پر فرض ہو گیا ہے کہ وہ اسرائیل کے خلاف اعلان جنگ کریں۔ جیسا کہ پاکستانی دینی رہنماؤں کا وتیرہ ہے کہ تقریر کرتے ہوئے لوگوں کے جذبات کو ابھارا جاتا ہے اور کسی دلیل یا حجت سے معاملہ فہمی کا کوئی نکتہ سننے میں نہیں آتا۔ اس کانفرنس میں تقریر کرنے والے سارے بڑے چھوٹے علما کو یقین ہو گا کہ ان کی باتیں نہ اسرائیلی مظالم ختم کر سکتی ہیں اور نہ ہی اس سے غزہ یا فلسطین کا مسئلہ حل ہو سکتا ہے۔ البتہ اپنی سیاست کو زندہ رکھنے اور خود کو پاکستانی عوام کا 'حقیقی رہنما' ثابت کرنے کے لیے، مختلف مسالک اور نقطہ نظر سے تعلق رکھنے والے



بھارتی آفیشل سائٹ کا پاکستانی ایتھلیٹ ارشد ندیم کی کارکردگی کا اعتراف

ارشد ندیم نے اولمپکس 2020 میں ناکامی اور پھر 2024 پیرس اولمپکس میں کامیابی حاصل کی تھی



لاہور (سپورٹس ڈیسک) اولمپکس کیلئے بھارتی آفیشل ویب سائٹ نے پاکستانی گولڈ میڈلسٹ ارشد ندیم کی کارکردگی کا اعتراف کیا ہے۔ بھارت نے اپنی آفیشل سائٹ پر پیرس اولمپکس 2024 میں پاکستان کو واحد گولڈ میڈل جتوانے والے ایتھلیٹ ارشد ندیم کی کارکردگی کو سراہا۔ بھارت نے اپنے نوجوانوں کیلئے موٹیویشنل ویڈیو کے طور پر ارشد ندیم کی ویڈیو بھی شیئر کی ہے۔ ارشد ندیم نے اولمپکس 2020 میں ناکامی اور پھر 2024 پیرس اولمپکس میں کامیابی حاصل کی تھی جس نے قوم کا سر فخر سے بلند کیا تھا۔

پاکستان سُپر لیگ کو ہمیشہ ہائی ریٹ کیا ہے، ڈیوڈ ویسا

پی ایس ایل میں ہر سال نیا ٹیلنٹ آتا ہے، پی ایس ایل میں ٹیمیں بیلنس ہیں، گفتگو



راولپنڈی (سپورٹس ڈیسک) لاہور قلندرز کے کھلاڑی ڈیوڈ ویسا نے کہا ہے کہ پاکستان سپر لیگ کو ہمیشہ ہائی ریٹ کیا ہے۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل میں ہر سال نیا ٹیلنٹ آتا ہے، پی ایس ایل میں ٹیمیں بیلنس ہیں، کوئی کسی سے کم نہیں ہے۔ ڈیوڈ ویسا نے کہا کہ راشد خان کی جگہ کوئی بھی پُر نہیں کرسکتا۔ انہوں نے کہا کہ چند خراب میچز سے کھلاڑی کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا، پاکستان سپر لیگ میں ماضی میں پرفارمنس دکھا چکا ہوں۔ واضح رہے کہ گزشتہ روز پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 10 کے چوتھے میچ میں لاہور قلندرز نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کو 79 رنز سے شکست دی تھی۔

جنوبی افریقی کرکٹر پر ایک سال تک پی ایس ایل کھیلنے پر پابندی عائد

کوربن بوش کا پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن سے دستبردار ہونے کے فیصلے پر افسوس کا اظہار



لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے جنوبی افریقی آل راؤنڈر کوربن بوش پر ایک سال تک پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کھیلنے کی پابندی عائد کردی۔ پی سی بی کی جانب سے جاری اعلامیہ کے مطابق جنوبی افریقہ کے آل راؤنڈر کوربن بوش نے پاکستان سپر لیگ کے دسویں ایڈیشن سے دستبردار ہونے کے فیصلے پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ کوربن بوش کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ مجھے پی ایس ایل سے دستبردار ہونے کے اپنے فیصلے پر افسوس ہے، میں پاکستانی عوام اور پشاور زلمی کے مداحوں سے معذرت خواہ ہوں۔ انہوں نے کہا کہ پی ایس ایل ایک شاندار ٹورنامنٹ ہے اور میں اس بات کو سمجھتا ہوں کہ میری اس حرکت سے شائقین کو شدید مایوسی ہوئی۔ کاربن بوش نے کہا کہ میں نہ صرف اپنے عمل کی مکمل ذمہ داری قبول کرتا ہوں بلکہ اس کے نتائج کو بھی تسلیم کرتا ہوں جس میں ایک سال کی پابندی اور جرمانہ شامل ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں اس ناخوشگوار تجربے سے سیکھنے کے لیے پرعزم ہوں

بابر اعظم پریکٹس کے دوران انجرڈ، لنگڑا کر چلنے کی ویڈیو سامنے آگئی

ویڈیو سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بابر اعظم کو چلنے میں دشواری کا سامنا ہے



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ 10 کی ٹیم پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم اسلام آباد میں پریکٹس سیشن کے دوران انجری کا شکار ہوگئے۔ بابر اعظم کی ایک ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی ہے جس میں انہیں پریکٹس سیشن کے دوران انجری کے بعد ڈریسنگ روم تک لنگڑا کر جاتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ ویڈیو سے اندازہ لگایا جاسکتا ہے کہ بابر اعظم کو چلنے میں دشواری کا سامنا ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق بابر اعظم کو گیند بازی کا سامنا ہے۔

توحید ہریدوئے امپائر سے تکرار پر ایک میچ کیلئے معطل

ڈھاکہ (این این آئی) محمڈن اسپورٹنگ کلب کے کپتان توحید ہریدوئے کو امپائر سے تکرار پر ایک میچ کیلئے معطل کردیا گیا۔ ڈھاکا پریمیئر لیگ میں ابھانی کے خلاف میچ میں دوسری اننگز کے ساتویں اوور کے دوران توحید ہریدوئے نے آن فیلڈ امپائرز سہیل احمد اور شرف الدولہ ابن سیاکت سے بحث کی۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب پیسر عبادت حسین کی گیند ابھانی کے بیٹ رایم متھون کے پیڈز پر لگی۔ عبادت نے آؤٹ کی اپیل کی لیکن امپائر نے انگلی نہیں اٹھائی جس پر توحید اور عبادت نے امپائرز سے بات کی۔ ری پلے سے واضح ہوا کہ گیند آف سائیڈ جارہی تھی لہٰذا امپائر کا فیصلہ درست قرار دیا گیا

کوہلی نے ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں ایک اور ریکارڈ بنادیا

ویرات کوہلی نے راجستھان رائلز کے خلاف نصف سنچری بنا کر اہم سنگ میل عبور کیا



نئی دہلی (نیٹ نیوز) بھارت کے لیجنڈ بلے باز ویرات کوہلی نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں کھیلتے ہوئے ایک اور اہم سنگ میل عبور کرکے نیا ریکارڈ بنالیا۔ آئی پی ایل میں رائل چیلنجرز بنگلور کی نمائندگی کرنے والے ویرات کوہلی نے راجستھان رائلز کے خلاف نصف سنچری بنا کر اہم سنگ میل عبور کیا۔ انہوں نے 45 گیندوں پر ناقابل شکست 62 رنز بنائے، جس کی بدولت ان کی ٹیم نے 9 وکٹوں سے شاندار فتح حاصل کی، یہ نصف سنچری کوہلی کے ٹی 20 کریئر کی 100 ویں نصف سنچری تھی، جس کے ساتھ وہ ٹی 20 کرکٹ میں یہ سنگ میل عبور کرنے والے پہلے بھارتی کھلاڑی بن گئے

توحید ہریدوئے امپائر سے تکرار پر ایک میچ کیلئے معطل

ڈھاکہ (این این آئی) محمڈن اسپورٹنگ کلب کے کپتان توحید ہریدوئے کو امپائر سے تکرار پر ایک میچ کیلئے معطل کردیا گیا۔ ڈھاکا پریمیئر لیگ میں ابھانی کے خلاف میچ میں دوسری اننگز کے ساتویں اوور کے دوران توحید ہریدوئے نے آن فیلڈ امپائرز سہیل احمد اور شرف الدولہ ابن سیاکت سے بحث کی۔ واقعہ اس وقت پیش آیا جب پیسر عبادت حسین کی گیند ابھانی کے بیٹ رایم متھون کے پیڈز پر لگی۔ عبادت نے آؤٹ کی اپیل کی لیکن امپائر نے انگلی نہیں اٹھائی جس پر توحید اور عبادت نے امپائرز سے بات کی۔ ری پلے سے واضح ہوا کہ گیند آف سائیڈ جارہی تھی لہٰذا امپائر کا فیصلہ درست قرار دیا گیا

پی ایس ایل 10، سیم بلنگز نے عمر اکمل کا 9 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا

پی ایس ایل کی تاریخ میں تیز ترین نصف سنچری کا مجموعی ریکارڈ آصف علی اور رائلی روسو کے پاس ہے



لاہور (سپورٹس رپورٹر) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) سیزن 10 میں لاہور قلندرز کے جارح مزاج بیٹر سیم بلنگز نے عمر اکمل کا 9 سال پرانا ریکارڈ توڑ دیا۔ راولپنڈی میں کھیلے گئے میچ میں لاہور قلندرز کے وکٹ کیپر بیٹر سیم بلنگز نے کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف جارحانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے دھواں دار نصف سنچری اسکور کی۔ سیم بلنگز نے صرف 19 گیندوں پر ناقابل شکست 50 رنز بنا کر لاہور قلندرز کی جانب سے پی ایس ایل کی تاریخ کی تیز ترین نصف سنچری بنانے کا نیا ریکارڈ قائم کیا۔ سیم بلنگز نے عمر اکمل کا سن 2016 میں پی ایس ایل کے پہلے سیزن میں بنایا گیا 22 گیندوں پر ففٹی کا ریکارڈ توڑ دیا۔ پی ایس ایل کی تاریخ میں تیز ترین نصف سنچری کا مجموعی ریکارڈ آصف علی اور رائلی روسو کے پاس ہے، جنہوں نے 17 گیندوں پر ففٹی بنائی تھی۔

دیگر ٹی ٹوئنٹی لیگز کی نسبت پی ایس ایل میں معیاری فاسٹ بولرز ہوتے ہیں، کوشل مینڈس

راولپنڈی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے وکٹ کیپر بیٹر کوشل مینڈس نے کہا ہے کہ دیگر ٹی ٹوئنٹی لیگز کی نسبت پی ایس ایل میں معیاری فاسٹ بولرز ہوتے ہیں۔ پریس کانفرنس کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ لنکا پریمیئر لیگ اور ایس اے ٹی ٹوئنٹی کھیلی ہے، پی ایس ایل پہلی بار کھیل رہا ہوں۔ کوشل مینڈس نے کہا کہ پاکستان میں پیچز بیٹنگ کے لیے اچھی ہوتی ہیں۔ کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے کھلاڑی نے کہا کہ ڈومیسٹک کرکٹ میں نچلے نمبروں پر بیٹنگ کرچکا ہوں، کسی نمبر پر بیٹنگ کرنے میں کوئی مسئلہ نہیں ہے

پی ایس ایل 10، فخر زمان نے محمد رضوان کا ریکارڈ برابر کردیا

لاہور قلندرز کے اوپنر پی ایس ایل میں سب سے زیادہ ففٹیز بنانے والے تیسرے کھلاڑی بن گئے



راولپنڈی (سپورٹس رپورٹر) لاہور قلندرز کے اوپنر فخر زمان نے پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے دسویں ایڈیشن میں کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے خلاف میچ کے دوران ایک اور سنگ میل عبور کرلیا۔ پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے گئے میچ میں فخر زمان نے ذمہ دارانہ بیٹنگ کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی 20 ویں پی ایس ایل نصف سنچری مکمل کی۔ اس کارکردگی کے ساتھ وہ پی ایس ایل کی تاریخ میں 20 یا اس سے زائد ففٹیز بنانے والے تیسرے کھلاڑی بن گئے ہیں۔ فخر زمان نے یہ سنگ میل محمد رضوان کے ہمراہ حاصل کیا ہے جنہوں نے بھی پی ایس ایل میں اب تک 20 نصف سنچریاں اسکور کی ہیں۔ دونوں کھلاڑی اب مشترکہ طور پر دوسرے نمبر پر موجود ہیں۔ پی ایس ایل میں سب سے زیادہ ففٹیز بنانے کا اعزاز پشاور زلمی کے کپتان بابر اعظم کے پاس ہے، جنہوں نے 33 نصف سنچریاں اسکور کی ہیں اور وہ لیگ کی تاریخ میں واحد بلے باز ہیں

پی ایس ایل 10، کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے عثمان طارق کا بولنگ ایکشن رپورٹ



راولپنڈی (این این آئی) کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے اسپنر عثمان طارق کا بولنگ ایکشن رپورٹ ہو گیا، عثمان طارق کا بولنگ ایکشن گزشتہ روز لاہور قلندرز کے خلاف میچ میں رپورٹ ہوا۔ آن فیلڈ امپائر احسن رضا اور کرس براڈن نے عثمان طارق کا ایکشن رپورٹ کیا۔ ریفرز کے تحت عثمان طارق پی ایس ایل میں تاحال بولنگ جاری رکھ سکتے ہیں وہ اگر دوبارہ رپورٹ ہوئے تو ان کو بولنگ سے روک دیا جائے گا۔ معطلی کے بعد عثمان طارق کو آئی سی سی کی منظور شدہ لیب سے کلیئرنس درکار ہوگی۔

بنگلہ دیش اور زمبابوے کی ٹیسٹ سیریز ٹی وی پر نشر نہ ہونے کا خدشہ

ڈھاکہ (این این آئی) زمبابوے کے خلاف بنگلا دیش کی دو ٹیسٹ میچز پر مشتمل سیریز ٹی وی پر نشر نہ ہونے کے خدشات پیدا ہوگئے ہیں۔ بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ کو ہوم سیریز کے میڈیا رائٹس فروخت کرنے میں مشکلات کا سامنا ہے اور اب تک کسی براڈکاسٹر یا مارکیٹنگ ایجنسی نے دلچسپی ظاہر نہیں کی سیریز کے میڈیا رائٹس کے لیے بنگلہ دیش کرکٹ بورڈ نے 7 اپریل کی ڈیڈ لائن مقرر کی تھی، تاہم اس تاریخ تک کوئی پیشکش موصول نہیں ہوئی۔ بورڈ ذرائع کے مطابق اب تک کسی بھی براڈکاسٹر نے اس سیریز کے نشریاتی حقوق میں دلچسپی نہیں دکھائی

کوہلی کی آئی پی ایل میں ریکارڈ ایک ہزار باؤنڈریز

کوہلی آئی پی ایل میں ایک ہزار باؤنڈریز لگانے والے دنیا کے پہلے کھلاڑی بن گئے



نئی دہلی (نیٹ نیوز) بھارتی بیٹر ویرات کوہلی نے انڈین پریمیئر لیگ (آئی پی ایل) میں ایک منفرد سنگ میل عبور کرلیا۔ گزشتہ روز آئی پی ایل کی ٹیم رائل چیلنجرز بنگلور کی جانب سے کھیلتے ہوئے کوہلی نے دہلی کیپیٹلز کے خلاف نئی تاریخ رقم کی۔ ویرات کوہلی آئی پی ایل میں ایک ہزار باؤنڈریز (چوکے اور چھکے) لگانے والے دنیا کے پہلے کھلاڑی بن گئے۔ آئی پی ایل کے تمام 18 سیزن میں شرکت کرنے والے نمبر 4 کھلاڑیوں میں شامل کوہلی اب تک 257 میچز کھیل چکے ہیں، جن میں انہوں نے 721 چوکے اور 280 چھکے لگائے ہیں۔

ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر 2025 میں اتوار کو مزید دو میچ کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر 2025 ایونٹ پاکستان میں شروع ہوچکا ہے، جس میں شائقین کرکٹ کو انتہائی دلچسپ اور کانٹے دار مقابلے دیکھنے کو مل رہے ہیں۔ ٹورنامنٹ میں 13 اپریل کو مزید دو میچوں کا فیصلہ ہوگا۔ آئی سی سی ویمنز ورلڈ کپ کوالیفائر 2025 ایونٹ کا چھٹا میچ سکاٹ لینڈ اور تھائی لینڈ کی ویمنز ٹیموں کے درمیان لاہور سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن گراؤنڈ، لاہور میں کھیلا جائے گا۔ یہ میچ پاکستان کے معیاری وقت کے مطابق صبح 9 بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا۔ اسی روز کا دوسرا اور آخری اور ایونٹ کا ساتواں میچ بنگلہ دیش اور آئرلینڈ کی خواتین ٹیموں کے درمیان قذافی اسٹیڈیم، لاہور میں کھیلا جائے گا

زمبابوے کی مردوں کی کرکٹ ٹیم رواں ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی

ڈھاکہ (این این آئی) بنگلہ دیش اور زمبابوے کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا میچ 20 سے 24 اپریل تک سلہٹ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم، سلہٹ میں کھیلا جائے گا۔ زمبابوے کی مردوں کی ٹیم رواں ماہ بنگلہ دیش کا دورہ کرے گی جہاں وہ میزبان بنگلہ دیشی ٹیم کے خلاف دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ دو ٹیسٹ میچوں پر مشتمل سیریز کا پہلا ٹیسٹ میچ 20 سے 24 اپریل تک سلہٹ انٹرنیشنل کرکٹ اسٹیڈیم، سلہٹ میں کھیلا جائے گا۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 28 اپریل سے 2 مئی تک ظہور احمد چودھری اسٹیڈیم، چٹوگرام میں کھیلا جائے گا۔

سلطانز اس بار ٹورنامنٹ جیتنے کی پوری کوشش کرینگے، عثمان خان

تین سالوں سے ٹیم فائنل تک پہنچ کر ہار رہی ہے، اس بار ٹرافی اپنے نام کرنا چاہتے ہیں، گفتگو



اسلام آباد (سپورٹس رپورٹر) ملتان سلطانز کے بیٹر عثمان خان نے کہا ہے کہ سلطانز اس بار ٹورنامنٹ جیتنے کی پوری کوشش کریں گے، گزشتہ تین سالوں سے ٹیم فائنل تک پہنچ کر ہار رہی ہے، لیکن اس بار وہ اپنی بدقسمتی کو ختم کرکے ٹرافی اپنے نام کرنا چاہتے ہیں۔ عثمان خان نے نجی ٹی وی سے گفتگو میں کہا کہ ہم نے پی ایس ایل 10 کے لیے سخت محنت کی ہے۔ ہماری کوشش ہوگی کہ نارمل کرکٹ کھیلیں اور ٹیم کے لیے بہترین کارکردگی دکھائیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ تین سیزن میں ہم فائنل ہار گئے، لیکن اس بار ہدف فائنل جیتنا ہے۔ کپتان محمد رضوان کے ساتھ ہونے والی بات چیت کے بارے میں عثمان خان نے بتایا کہ انہوں نے ٹیم کو پریشر فری رہنے اور نارمل کرکٹ کھیلنے کی ہدایت کی ہے، پہلا ہدف پلے آف میں پہنچنا ہے، پھر فائنل جیتنا ہے۔ عثمان خان نے ملتان سلطانز کے لوکل اور ایمرجنگ پلیئرز کو ٹیم کی طاقت قرار دیتے ہوئے کہا کہ اچھا "کامی نیشن" ٹورنامنٹ میں کامیابی کی کلید ہے۔

کرسٹیانو رونالڈو نے فلمی دنیا میں قدم رکھ دیا

کرسٹیانو رونالڈو اور میتھیو وان پہلے ہی ساتھ مل کر 2 فلمیں بنا چکے ہیں



لزبن (آئی این پی) عالمی شہرت یافتہ پرتگالی فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے فلمی دنیا میں قدم رکھ دیا۔ امریکی جریدے کی رپورٹ کے مطابق کرسٹیانو رونالڈو نے فلم اسٹوڈیو یو آر مارو (MARV UR) لانچ کرنے کے لیے مشہور فلم ساز میتھیو وان کے ساتھ اشتراک کیا ہے۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو اور میتھیو وان پہلے ہی ساتھ مل کر 2 فلمیں بنا چکے ہیں اور تیسری فلم بنا رہے ہیں، جس کی تفصیلات سے جلد ہی پردہ اٹھائیں گے۔ اس حوالے سے کرسٹیانو رونالڈو کی ٹیم نے سوشل میڈیا پر اپنی ایک پوسٹ میں لکھا ہے کہ پرتگالی فٹبالر اپنی زندگی کے ایک نئے باب کے آغاز کے لیے پرجوش ہیں۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں مزید لکھا ہے کہ کرسٹیانو رونالڈو کو فلمیں پسند ہیں جبکہ میتھیو وان کو کھیلوں سے بہت محبت ہے اور ان دونوں کو اچھی کہانیاں بہت پسند ہیں۔

پی ایس ایل کی اردو کمنٹری کے لیے پی سی بی اور ولی کی پارٹنرشپ

لاہور (این این آئی) پاکستان کرکٹ بورڈ اور اس کے آفیشل ڈیجیٹل رائٹس ہولڈر ولی کے درمیان اسٹریم کرنے والے شائقین تک اردو کمنٹری فراہم کرنے کے لیے پارٹنرشپ ہوگئی۔ اب پی ایل پی ایس ایل 10 میں پہلی بار مکمل طور پر اردو کمنٹری ہورہی ہے۔ ولی begin پر میچوں کی اسٹریمنگ کرے گا جانب آسٹریلیا کے ایکس کیری پاکستان سپر لیگ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ ایکس کیری آسٹریلیا میں ڈومیسٹک کرکٹ میں مصروفیات کی وجہ سے پی ایس ایل نہیں کھیل پائیں گے۔ ایکس کیری کو اسلام آباد یونائیٹڈ نے جنوبی افریقا کے روسی وین ڈر ڈسن کا جزوی متبادل منتخب کیا تھا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کی مینجمنٹ کے مطابق روسی وین ڈر ڈسن ٹیم کو جلد جوائن کرلیں گے۔ کے لیے چار اسٹریمنگ پلیٹ فارمز، تماشا، مائیکو، وراز اور ٹیپمیڈ کو ڈیلی لائسنس بھی دیا ہے۔ ولی کے سی ای او احسن طاہر نے کہا کہ "یہ قومی فخر کا لمحہ ہے

کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے میٹھور سرویون رچرڈز اسلام آباد پہنچ گئے



اسلام آباد (این این آئی) پاکستان سپر لیگ کی ٹیم کوئٹہ گلیڈی ایٹرز کے میٹھور سرویون رچرڈز ٹیم کو جوائن کرنے کے لیے اسلام آباد پہنچ گئے۔ دوسری جانب آسٹریلیا کے ایکس کیری پاکستان سپر لیگ میں اسلام آباد یونائیٹڈ کو دستیاب نہیں ہوں گے۔ ایکس کیری آسٹریلیا میں ڈومیسٹک کرکٹ میں مصروفیات کی وجہ سے پی ایس ایل نہیں کھیل پائیں گے۔ ایکس کیری کو اسلام آباد یونائیٹڈ نے جنوبی افریقا کے روسی وین ڈر ڈسن کا جزوی متبادل منتخب کیا تھا۔ اسلام آباد یونائیٹڈ کی مینجمنٹ کے مطابق روسی وین ڈر ڈسن ٹیم کو جلد جوائن کرلیں گے۔

پی ایس ایل 10 کی فاتح ٹیم کو ساڑھے 14 کروڑ روپے کی انعامی رقم ملے گی

لاہور (آئی این پی) پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) نے پی ایس ایل کے سیزن 10 کے لیے انعامی رقم کا اعلان کردیا۔ جاری اعلامیہ کے مطابق پی ایس ایل 10 کا فائنل جیتنے والی ٹیم کو ٹرافی کے ساتھ 5 لاکھ امریکی ڈالر (تقریباً ساڑھے 14 کروڑ روپے) جبکہ رن اپ ٹیم کو 2 لاکھ امریکی ڈالر (تقریباً 5 کروڑ 61 لاکھ روپے) ملیں گے۔ 34 میچوں پر مشتمل ٹورنامنٹ 6 ٹیموں کے درمیان 18 مئی تک جاری رہے گا۔ لاہور کے قذافی اسٹیڈیم میں 13 میچز ہوں گے





کنگنا رناوت کو 1 لاکھ روپے کا بجلی کا بل ملنے کی وجہ سامنے آگئی

اداکارہ نے دو ماہ سے اپنے واجب الادا بل جمع نہیں کرائے جس پر بل زیادہ آیا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ اداکارہ و سیاسی رہنما کنگنا رناوت کو 1 لاکھ روپے کا بجلی کا بل موصول ہونے کی مبینہ وجہ سامنے آ گئی۔ بھارتی ریاست ہماچل پردیش میں کنگنا رناوت نے ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انکشاف کیا تھا کہ میرے منالی کے گھر کا بجلی کا بل 1 لاکھ روپے آیا ہے، میں جس میں رہتی بھی نہیں ہوں۔ اداکارہ نے حد سے زائد بجلی کے بل پر ہماچل پردیش کی حکومت کو کڑی تنقید کا بھی نشانہ بنایا تھا۔ بھارت میڈیا کے مطابق ہماچل پردیش اسٹیٹ الیکٹرسٹی بورڈ لمیٹڈ (HPSEB) کی جانب سے یہ وضاحت کی گئی ہے کہ کنگنا رناوت نے 2 ماہ سے 90، 384 روپے کے پرانے واجبات سمیت بل ادا نہیں کیے ہیں۔ اس حوالے سے جاری کیے گئے بیان میں ہماچل پردیش اسٹیٹ الیکٹرسٹی بورڈ لمیٹڈ نے کہا ہے کہ 90، 384 روپے کے بل 2 ماہ جنوری اور فروری کے تھے جن میں 32، 287 روپے کے سابقہ واجبات بھی شامل تھے۔ اس وضاحت کے بعد ریاست کے وزیر کرتے ہوئے کہا ہے کہ وہ بل ادا نہیں کرتیں اور پھر حکومت کو برا بھلا کہتی ہیں۔

پریٹی زنٹا نوجوان بلے باز کے گن گانے لگیں

ہم نے ایک لیجنڈ کی دہاڑ سنی اور ایک روشن ستارے کے نمودار ہونے کا مشاہدہ کیا، پریٹی



ممبئی (نیٹ نیوز) انڈین پریمیئر لیگ کی فرنچائز پنجاب کنگز کی شریک مالکن پریٹی زنٹا ٹیم کے نوجوان کھلاڑی پرینش آریا کی دھواں دار بیٹنگ کے گن گانے لگیں۔ پریٹی زنٹا نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک ٹویٹ میں لکھا کہ ہم نے کرکٹ کا ایک دھماکے دار میچ دیکھا، ایک لیجنڈ کی دہاڑ سنی اور ایک روشن ستارے کے نمودار ہونے کا مشاہدہ کیا۔ وہ دو دن قبل دیگر نوجوان کھلاڑیوں کے ہمراہ 24 سالہ پرینش آریا سے ملیں۔ وہ خاموش تھا اور اس شام اس نے ایک لفظ بھی نہیں بولا۔ انہوں نے مزید لکھا کہ گزشتہ شب وہ پنجاب کنگز اور چنئی سپر کنگز کے دوران پرینش ملیں۔ اس بار اس کی صلاحیت اور جارحانہ بیٹنگ اسٹائل بولیں اور 42 گیندوں پر 103 رنز اسکور کر کے ریکارڈ بنا کر صرف مجھے نہیں بلکہ پورے بھارت کو حیران کردیا۔ ہنستے مسکراتے رہو۔

عدم پذیرائی کا شکوہ، سنی دیول نے سلمان کو سب سے زیادہ سپورٹ دیا، کنگنا



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سینئر اداکار سنی دیول نے بالی ووڈ سپر اسٹار سلمان خان کے اس بیان پر کہ بالی ووڈ نے انکی فلموں پر ان کی پذیرائی نہیں کی، واضح رہے کہ حال ہی میں سلمان خان کی فلم سکندر کی ریلیز سے قبل انہوں نے کہا تھا پتہ نہیں انڈسٹری کے لوگ ہمیں شاباشی یا ان کی پذیرائی نہیں کرتے جبکہ دوسروں کی فلموں پر خوشی کا اظہار کرنے کے ساتھ ان کی پذیرائی بھی کرتے ہیں۔ سلمان خان کے اس ریمارکس پر اپنے ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے سنی دیول نے کہا کہ سلمان خان بالی ووڈ کے سب سے زیادہ سپورٹ (مدد کرنے والے) اداکار ہیں۔

مالی تنگی، سشمیتا کی سابقہ بھابھی، آن لائن کپڑے بیچنے پر مجبور

چارو اسوپا کی آن لائن کپڑے بیچنے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہورہی ہیں



ممبئی (این این آئی) اداکارہ چارو اسوپا مالی مشکلات کے باعث آن لائن کپڑے بیچنے پر مجبور ہوگئیں۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹیلی ویژن اداکارہ چارو اسوپا نے مالی مشکلات کے پیش نظر ممبئی چھوڑ کر اپنے آبائی شہر بیانیر، راجستھان میں رہائش اختیار کرلی ہے۔ حال ہی میں ایک ویڈیو سامنے آیا جس میں چارو کو آن لائن کپڑے بیچتے ہوئے دیکھا گیا، جبکہ کچھ نے ان کے نئے کاروبار پر حیرت کا اظہار کیا کیونکہ وہ اداکارہ سشمیتا سین کی بھابھی ہیں۔

دھرمیندر نے 89 برس کی عمر میں بھنگڑا ڈال کر سب کو حیران کردیا



ممبئی (این این آئی) دھرمیندر نے 89 برس کی عمر میں بھنگڑا ڈال کر سب کو حیران کر دیا۔ دھرمیندر نے اپنے بیٹے سنی دیول کی فلم جات کے پریمیئر میں شرکت کر کے تقریب کی رونق دوبالا کردی۔ دھرمیندر نے نا صرف شاندار انداز میں میڈیا کے کیمروں کے لیے تصاویر بنوائیں بلکہ ڈھول کی تھاپ پر بھرپور انداز میں بھنگڑا بھی ڈالا۔ حال ہی میں آنکھ کے آپریشن سے گزرنے کے باوجود، 89 سالہ اداکار کی توانائی اور خوش مزاجی قابل دید تھی۔

عروہ حسین نے مشہور گیت ''مسکلی'' پر ادائیں دیتی ہوئے بنائی گئی



کراچی (شوبز رپورٹر) پاکستانی اداکارہ عروہ حسین نے بالی ووڈ کے مشہور گیت ''مسکلی'' پر ادائیں دیتی ہوئے بنائی گئی ویڈیو فیمز کے ساتھ شیئر کردی۔ ''میری لاڈلی'' ''نیلی زندہ ہے'' ''اڈاری'' اور ''میری شہزادی'' جیسے ڈراموں میں بہترین اداکاری کے جوہر دکھانے والی اداکارہ عروہ حسین کی ایک وجہ شہرت معروف گلوکار فرحان سعید بھی ہیں جو اکثر شوہر ہیں۔ عروہ حسین اور فرحان سعید نے سال 2016 میں شادی کی اور 3 جنوری 2024 کو اسٹار جوڑی کے ہاں بیٹی کی پیدائش ہوئی۔

بالی ووڈ اداکارہ مونی رائے نے خاموشی توڑ دی

دی بھوتنی 18 اپریل کو سینما گھروں میں ریلیز ہوگی، جہاں اس کا مقابلہ کنگنا کی کیسری 2 سے ہوگا



ممبئی (این این آئی) ڈرامہ ناگن سے مشہور ہونے والی بالی ووڈ اداکارہ مونی رائے نے حال ہی میں پلاسٹک سرجری کی افواہوں اور اس پر ہونے والی شدید ٹرولنگ پر اپنی خاموشی توڑ دی ہے۔ گزشتہ کچھ مہینوں سے سوشل میڈیا پر ان کی ظاہری شکل وصحت میں تبدیلی پر بحث جاری تھی، جس پر انہوں نے ایک حالیہ تقریب میں واضح موقف اختیار کیا۔ مونی رائے نے کہا کہ وہ ان بے ہم ونشان ٹرولرز کی باتوں پر کوئی توجہ نہیں دیتیں جو دوسروں کو نیچا دکھا کر خوش ہوتے ہیں۔ ان کا کہنا تھا میں لڑکی باتوں کو نظر انداز کرتی ہوں، اگر آپ اسکرین کے پیچھے چھپ کر دوسروں کو ٹرول کرنے میں خوشی محسوس کرتے ہیں،

''پورا تو'' ان آخری بنگالی فلم ہوگی، شوٹنگ کیلئے بہت فٹ نہیں ہوں، شرمیلا ٹیگور



ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی سینئر اداکارہ شرمیلا ٹیگور نے کہا ہے کہ پورا تو ان انکی آخری بنگالی فلم ہوگی۔ اس فلم کی شوٹنگ کے تجربے کو یاد کرتے ہوئے انکا کہنا تھا کہ پندرہ روز سے زیادہ وقت بہت اچھا گزرا۔ یاد رہے کہ 80 سالہ ماضی کی صف اول کی ہیروئن کی 14 برس بعد بنگالی سنیما میں واپسی ہوئی لیکن ممکنہ طور پر یہ انکی آخری بنگالی فلم بھی ہوگی۔ بھارتی میڈیا ادارے کے مطابق انکا کہنا تھا کہ انکی صحت کی صورتحال ان کیلئے دہاکا باعث بنتی ہے

گوہر خان کی ریمپ واک نے مداحوں کے دل جیت لیے

گوہر خان اور 29 سالہ انفلوئینسر زید دربار دوسری بار والدین بننے جارہے ہیں



کراچی (شوبز رپورٹر) 1 4 سالہ بھارتی معروف اداکارہ، میزبان و ماڈل گوہر خان اور 29 سالہ انفلوئینسر زید دربار دوسری بار والدین بننے جا رہے ہیں

روزنامہ قوت لاہور
بانی: میاں محمد فیاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نارووال میں پنجاب کلچر ڈے جوش وخروش سے منایا گیا

طالب علموں نے پنجاب کلچر ڈے کے پروگرام پر پنجابی لباس پہن کر معاشرے میں پنجابی ثقافت کو فروغ دیا







نارووال (بیورو رپورٹ) گورنمنٹ ٹیکنیکل ٹریننگ سینٹر نارووال میں پنجاب کلچر ڈے بڑے جوش وخروش سے منایا گیا جس میں سینٹر ہذا کے پرنسپل صاحب مسٹر رحمت علی اور دیگر سٹاف موجود تھا۔جس میں الیکڑیشن ریگولر کلاس کے انچارج انسٹیٹیوٹ پلیسمنٹ افیسر مسٹر محمد عرفان، سکلڈ ورکر علی اکبر ※ فورمین آٹو سلطان محمود احمد صاحب، نائب قاصد احسان نواز، سکلڈ ورکر محمد افضل ※ چوکیدار عثمان علی سینٹر ہذا کے طالب علموں نے بھی شرکت کی اور طالب علموں نے پنجاب کلچر ڈے کے پروگرام پر پنجابی لباس پہن کر معاشرے میں پنجابی ثقافت کو فروغ دیا۔

پروفیسر جمشید آفتاب مرحوم کی تعزیت کیلئے عمائدین کا تانتا بندھ گیا

سابق چیئرمین سرگودہ بورڈ سراج الحق ع سابق DD کالجز کی جنید آفتاب سے تعزیت



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) گورنمنٹ مرے کالج میں بطور اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ کیمسٹری پروفیسر جمشید آفتاب مرحوم کی وفات پر اظہار تعزیت کیلئے انکے بڑے بھائی سنیئر جرنلسٹ جنید آفتاب آف روز نامہ جنگ سے شہر شہر سے مختلف مکاتب فکر کے عمائدین کا تانتا بندھ گیا۔اس موقع پر سیالکوٹ کی صحافتی برادری کیساتھ صنعتکاروں ، وکلاء ، ڈاکٹرز سمیت مختلف عمائدین کیجانب سے اظہار تعزیت کیلئے سنیئر صحافی کی رہائشگاہ آمد و رفعت جاری ہے ۔اس موقع پر سابق چیئرمین سرگودھا تعلیمی بورڈ پروفیسر سراج الحق اور سابق ڈپٹی ڈائریکٹر کالجز پروفیسر منظور احمد خصوصی طور پر اظہار تعزیت کیلئے سابقہ لیکچرر وصحافی جنید آفتاب کی رہائشگاہ تشریف لائے اور ان سے پروفیسر جمشید آفتاب مرحوم کی تعزیت کیساتھ انکے بلندی درجات کی دعا پسماندگان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔

آصف خان ڈپٹی سیکرٹری جنرل پاکستان ورکرز فیڈریشن منتخب

ورکرز یونینز، صحافیوں، وکلاء سمیت عمائدین شہر کیجانب سے مبارکباد دی گئی



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) آصف خان پاکستان ورکرز فیڈریشن انتخابات 2025/2027 میں بھاری اکثریت سے ڈپٹی سیکرٹری جنرل منتخب ہو گئے ۔اس موقع پر پاکستان ورکرز فیڈریشن عہدیداران و جملہ مجلس عاملہ کیجانب سے زبردست خیر مقدم کرتے ہوئے ورکرز فیڈریشن آفس میں انکا پرتپاک استقبال کرتے انہیں پھول پیش کئے گئے۔ دوسری جانب سیالکوٹ کی صحافتی تنظیموں اور سیالکوٹ پریس کلب رجسٹرڈ کے صحافیوں، پاکستان میڈیا کونسل رجسٹرڈ و شاہین میڈیا سیالکوٹ عہدیداران جملہ مجلس عاملہ و ممبران اور عمائدین شہر اقبال سیالکوٹ کیجانب سے مبارکبادوں کا سلسلہ جاری ۔ آصف خان نے اپنے مختصر بیان میں اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرتے اپنے ورکر فیڈریشن عہدیداران و ممبران ساتھیوں احباب کا شکریہ ادا کیا۔

ظفروال: ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر اہتمام گرلز ہائی سکول ظفروال میں کلچر ڈے کی پروقار تقریب

رکنِ پنجاب اسمبلی احمد اقبال چوہدری نے سکول کے نئے بلاک کا افتتاح کیا



ظفروال (زاہد مجید سے) گزشتہ روز ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹی کے زیر اہتمام گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ظفروال میں کلچر ڈے کی پروقار تقریب کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقع پر مہمان خصوصی، رکن صوبائی اسمبلی پنجاب احمد اقبال چوہدری نے سکول کے نئے بلاک کا باقاعدہ افتتاح بھی کیا، تفصیلات کے مطابق تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک اور نعت رسول مقبول (ص) سے کیا گیا، جس کے بعد قومی ترانہ پڑھا گیا اور طلبہ کی جانب سے خوبصورت ملی نغمہ پیش کیا گیا۔ تقریب میں بچوں نے مختلف رنگا رنگ اور دلکش آئیٹمز بھی پیش کئے جنہیں حاضرین نے بے حد سراہا۔ احمد اقبال چوہدری کے ساتھ تقریب میں صدر پریس کلب ظفروال خواجہ عمران عباس، جوائنٹ سیکرٹری پریس کلب ظفروال سید عرفان حیدر، اسسٹنٹ کمشنر ظفروال عمران رسول، اور چیف ایگزیکٹو آفیسر ایجوکیشن عارف شہزاد چوہدری نے شرکت کی جبکہ تقریب میں دیگر اہم شخصیات میں ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر (سیکنڈری) زاہد محمود رانا، ڈپٹی ڈسٹرکٹ ایجوکیشن آفیسر سرفراز خان، ڈی ای او ظفروال آصف مسعود، ڈی ای او شکر گڑھ اللہ رکھا راشد، ڈی ای او ایلیمنٹری زاہد پرویز، جنرل سیکرٹری ایگیا نارووال پنجاب نارووال احسان صدیقی، چیمبر مین ایگیا نارووال صابر حسین، اے ای اوز اور معزز ہیڈ صاحبان بھی شامل تھے، جنہوں نے اپنی شرکت سے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ اپنے خطاب میں احمد اقبال چوہدری نے کہا کہ اصل کلچر اخلاقیات میں پوشیدہ ہوتا ہے۔ ہمیں بحیثیت قوم، اجتماعی طور پر اپنی سنی مسلم کی اخلاقی تربیت پر خصوصی توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے اساتذہ سے اپیل کی کہ وہ کسی بھی سیاسی وابستگی سے بالا تر ہو کر اپنے فرائض ایمانداری سے انجام دیں اور سیاست کو اپنے پیشے پر اثر انداز نہ ہونے دیں۔ انہوں نے سکول مینجمنٹ کو سراہا کہ انہوں نے سکول کو فعال بنانے پر زور دیا اور کہا کہ ان میں ریٹائرڈ ہیڈ ماسٹرز کی بجائے بچوں کے والدین کو شامل کیا جائے تاکہ مقامی لیموٹیی کا کردار تعلیمی ترقی میں مزید مؤثر ہو۔

عازمین حج کی پہلی تربیتی نشست کا اہتمام

رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ پر کیا گیا

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) عازمین حج کی پہلی تربیتی نشست کا اہتمام رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ پر کیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ضلع ننکانہ کے عازمین حج کی پہلی تربیتی نشست کا آغاز گلی شیخ فیروز الدین احمد رہائش گاہ شیخ عابد فیروز ایڈووکیٹ پر ہو گیا۔ تربیتی نشست کا آغاز حافظ محمد عبداللہ خالد نے تلاوت کلام پاک سے کیا۔ جس کے بعد مشہور نعت خوان قاری ذوالفقار چشتی نے کریم آقا ﷺ کے دربار اقدس میں گلہائے عقیدت کے پھول نچھاور کیئے۔ عازمین حج کو شیخ سلمان عابد نے معلوماتی کتابچے تقسیم کیے۔ شیخ عمیر عابد ایڈووکیٹ نے تربیتی نشست کے شرکاء سے گفتگو کرتے ہو※ کہا کہ بانی ٹرینر ماسٹر حج شیخ فیروز الدین احمد ایڈووکیٹ کی پچاس سالہ خدمات قابل ستائش ہیں اور سامان کی تفصیل سے آگاہ کرتے ہو※ انتظامی امور پر روشنی ڈالی۔ شیخ جاوید احمد گھمن اور پروفیسر محمد یسین قمر نے عمرہ کی ادائیگی کا طریقہ بتایا۔ جس کے بعد ٹرینر ماسٹر حج شیخ محمد عابد فیروز ایڈووکیٹ نے عازمین حج کو مبارکباد پیش کی۔ حج ٹریننگ سنٹر واقع ہاؤسنگ کالونی روڈ پر ڈی پی او ننکانہ سید ندیم عباس کے جاری کردہ سیکورٹی پلان کے مطابق ننکانہ سٹی پولیس اور ٹریفک کے جوانوں نے اپنے فرائض سرانجام دیئے دوسری تربیتی نشست مورخہ 20 اپریل 2025 بروز اتوار کو صبح 9 بجے حج ٹریننگ سنٹر پر ہوگی جس میں مناسک حج پر روشنی ڈالی جائے گی۔

گورنمنٹ کالج یونیورسٹی چنیوٹ کیمپس میں پیغام پاکستان سیمینار منعقد ہوا

ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل، وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر روف اعظم ودیگر کی شرکت



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ چنیوٹ کے زیر اہتمام گورنمنٹ کالج یونیورسٹی چنیوٹ کیمپس میں پیغام پاکستان سیمینار منعقد ہوا جس میں ڈپٹی کمشنر چنیوٹ صفی اللہ گوندل، وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد پروفیسر ڈاکٹر روف اعظم، ارکان صوبائی اسمبلی مولانا محمد الیاس چنیوٹی، سید ذوالفقار علی شاہ، ڈائریکٹر چنیوٹ کیمپس ڈاکٹر فلک شیر ہی ای او حاجی سنز حاجی نعیم نے شرکت کی۔ سیمینار میں فیکلٹی ممبرز اور طالب علموں کی بڑی تعداد موجود تھی۔ پیغام پاکستان اس پرچم کے سایے تلے ہم ایک ہیں، ایک قوم ایک ملت ایک پاکستان کے نعروں کو پروان چڑھاتے ہوئے ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ قیام پاکستان کے بعد استحکام اور پیغام پاکستان کو اپنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعہ کے خطبات کے ساتھ ساتھ پیغام پاکستان کے بیانیہ کو تعلیمی اداروں میں طالب علموں تک پہنچایا جا رہا ہے اور آگاہی سیمینارز کے انعقاد کو مستقل بنیادوں پر جاری رکھیں گے انہوں نے کہا کہ ہم سب بطور پاکستانی متحد اور دہشتگردی کے ناسور کو جڑ سے اکھاڑنے کے لئے ایک پیج پر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پیغام پاکستان کا مقصد شدت پسندی کے بیانیہ کو رد کرنا ہے۔ ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ ملک کے جید علماء کرام دہشتگردی کے خلاف فتویٰ دے چکے ہیں۔ ارکان اسمبلی نے کہا کہ پیغام پاکستان امن محبت اور رواداری کا پیغام ہے۔ انہوں نے کہا کہ اختلافات کو پس پشت رکھ کر ہمیں صرف پاکستان کو مضبوط سے مضبوط بنانے کے بارے میں سوچنا ہے۔ وائس چانسلر جی سی یونیورسٹی فیصل آباد نے کہا کہ طالب علم ※※ قلم اٹھائیں بندوق نہیں علم پھیلائیں نفرت نہیں ※※ کو اجاگر کریں۔ انہوں نے کہا کہ شر پسندوں کی باتوں پر دھیان نہ دیں۔

جہلم مکھیوں اور پھروں کی بہتات

شہریوں کا سکون غارت بڑوں سمیت بچوں کی نیندیں بھی اڑ گئیں

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم مکھیوں اور پھروں کی بہتات شہریوں کا سکون غارت بڑوں سمیت بچوں کی نیندیں بھی اڑ گئیں، محکمہ صحت اور میونسپل کمیٹی انتظامیہ کے ناقص انتظامات سے شہری پریشان شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت گردو نواح کے علاقوں میں موسم بدلتے ہی مکھیوں اور مچھروں کی افزائش تیزی سے بڑھنے لگی جس کی وجہ سے لوگوں کو شدید پریشانی کا سامنا ہے۔ تحصیل میونسپل کمیٹی اور محکمہ صحت کے عملہ نے تاحال فوگ سپرے کرنے کا کوئی انتظام نہیں کیا اور لوگ اپنی مدد آپ کے تحت گھروں، دکانوں اور گلیوں میں سپرے کرنے پر مجبور ہو گئے جبکہ رات کے اوقات میں گھروں میں مچھر مارکوائل، اسس الیمپ اور سپرے کا سہارا لیا جانے لگا۔ شہریوں سمیت عوامی سماجی حلقوں نے متعلقہ اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر سمیت مضافاتی علاقوں میں فوگ سپرے کروایا جائے تاکہ شہری بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔

پنجاب ایک ایسی دھرتی ہے جو صدیوں سے اپنی منفرد ثقافت، روایات اور اقدار کی امین رہی ہے: خالد وسیم ایڈووکیٹ

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) پاکستان چیمبر آف ایگریکلچر اینڈ لائیو سٹاک کے چیئرمین محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے پنجاب کی بھرپور ثقافت اور ثقافت ڈے کے قومی دن کے موقع پر اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پنجاب ایک ایسی دھرتی ہے جو صدیوں سے اپنی منفرد ثقافت، روایات اور اقدار کی امین رہی ہے۔ یہاں کی مٹی نے صوفیاء، شعراء، اور بہادر سپوتوں کو جنم دیا ہے جنہوں نے اپنی فکر، فن اور بہادری سے اس خطے کا نام روشن کیا۔ ثقافت کسی بھی قوم کی پہچان ہوتی ہے اور پنجاب کی ثقافت اپنی رنگینی، تنوع اور گہرائی کے باعث دنیا بھر میں ایک خاص مقام رکھتی ہے۔ یہاں کے لوک گیت، رقص، ملبوسات، اور دستکاری نہ صرف دلوں کو موہ لیتے ہیں بلکہ ہماری اجتماعی تاریخ اور دانش کا بھی اظہار کرتے ہیں محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے ثقافت ڈے کے قومی دن کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ یہ دن ہمیں اپنی ثقافتی جڑوں سے جوڑنے اور نئی نسل کو اپنے شاندار ورثے سے روشناس کرانے کا ایک سنہری موقع فراہم کرتا ہے۔

سیالکوٹ بار ایسوسی ایشن نے حسن سرفراز بھلی کی جیت کا عندیہ دے دیا

سیالکوٹ بار کے بڑے پنڈت پنجاب بار الیکشن کیلئے حسن سرفراز کی جیت کیلئے پرعزم

سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) امیدوار برائے ممبر پنجاب بار کونسل سیالکوٹ سیٹ چوہدری حسن شہباز احمد اعوان کی نامزدگی بلاشبہ جیت کا نشان ہے اور اسوقت ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ کے معزز



سابقہ وموجودہ عہدیداران ومبران مرد قلندر چوہدری حسن سرفراز بھلی کو پنجاب بار انتخابات سیالکوٹ سیٹ کی جیت کی پیشگی مبارکباد دیتے ہیں۔ سابق صدور ڈی بی اے شاہد میر، رانا نصر اللہ خان، مقصود احمد بھٹی، ملک مشتاق اعوان، خابڈ حسین قریشی، آصف علی بھلی، ملک امجد مونگو گروپ، واصف الرحمان بھٹی گروپ، ایس اینڈ اے ایسوسی ایٹس، خان برادرز گروپ، ملک ذاکر اعوان گروپ، حکیم ظریف الاسن قریشی گروپ و دیگر نے حسن سرفراز بھلی کی بھی حمایت کا اعلان کیا۔

غزہ لہولہو، پاکستان مرکزی مسلم لیگ سیالکوٹ کے زیر اہتمام اسرائیلی مظالم کیخلاف احتجاج وکانفرنس

سیالکوٹ شہر سے ہزاروں لوگوں کی مظاہرہ میں شرکت۔ مظاہرین میں اسرائیل کے خلاف شدید غم اور غصہ پایا گیا

کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) غزہ لہولہو، پاکستان مرکزی مسلم لیگ سیالکوٹ کے زیر اہتمام اسرائیلی مظالم کیخلاف احتجاج و کانفرنس. سیالکوٹ شہر سے ہزاروں لوگوں کی مظاہرہ میں شرکت. مظاہرین میں اسرائیل کے خلاف شدید غم اور غصہ پایا گیا. پیغام. احتجاج اس موقع پر مقررین نے اپنے خطابات میں کہا ہے کہ اسرائیل کو دہشت گرد قرار دیا جائے۔ اور فلسطین کی نہتے شہریوں پر ظلم زیادتی بند کی جائے۔

ایل پی جی گیس باؤزر موٹروے انڈر پاس سے ٹکرا گیا

سول ڈیفنس، پولیس وریسکیو حکام نے فوری پہنچ کر بڑے حادثہ سے بچا لیا



سیالکوٹ (ڈسٹرکٹ بیورو عامر جاوید) سیالکوٹ لاہور موٹروے جامکے چیمہ کے قریب انڈر پاس کے نیچے سے گزرتے ہوئے ایل پی جی باؤزر کی بالائی نوزلیں پل کے اوپری حصے سے ٹکرانے سے گیس لیکیج کی اطلاع پر فوری ریسپانڈ کرتے سوک ڈیفنس سیالکوٹ حکام، ریسکیو سروسز 1122 اور موٹرہ پولیس موقع پر پہنچ گئے۔ گیس باؤزر کو گندم کی تیار فصلوں سے دور سنسان روڈ پر پہنچایا گیا تاکہ کسی بھی متوقع آتشزدگی کیلئے پیشگی انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ اقدامات سے گیس لیکیج کو روک کر احتیاطی تدابیر کیساتھ پوزیشن کنٹرول کر لی گئی ہیں۔ کسی قسم کے نقصان کے پیش نظر فائر فائٹرز و دیگر ہنگامی صورتحال کیلئے پیشگی انتظامات مکمل کر لئے گئے۔ ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی تمام متعلقہ شعبہ جات کے اہلکاروں کو پیشہ وارانہ امور مستعدی کیساتھ سرانجام دینے پر شاباش دی۔

اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ اشفاق رسول نے بنیادی مرکز صحت چک 143 ج۔ب کا دورہ کیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اسسٹنٹ کمشنر چنیوٹ اشفاق رسول نے بنیادی مرکز صحت چک 143 ج۔ب کا دورہ کیا اور انتظامی وطبی انتظامات چیک کئے۔ انہوں نے مریضوں کو فراہم کی جانے والی علاج معالجہ کی سہولیات اور ادویات کی دستیابی کا ریکارڈ چیک کیا۔ انہوں نے مریضوں سے سٹرکی کارکردگی بارے دریافت کرتے ہوئے کہا کہ علاج کے لئے آئے ہوئے مریضوں کو تیز رفتار طبی سہولیات کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اسسٹنٹ کمشنر نے کہا کہ ہیلتھ مراکز کی اپگریشن کا عمل روزانہ کی بنیاد پر جاری ہے۔ انہوں نے صفائی کی صورتحال کو مزید بہتر بنانے کی بھی ہدایت کی۔



ننکانہ صاحب میں وساکھی میلے کی تقریبات ارداس/ اختتامی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئیں

اختتامی ارداس میں ملک پاکستان میں، امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں

ننکانہ صاحب (چوہدری محمد عرفان گجر) ننکانہ صاحب میں وساکھی میلے کی تقریبات ارداس/ اختتامی دعا کے ساتھ اختتام پذیر ہو گئیں، اختتامی ارداس میں ملک پاکستان میں امن، سلامتی اور خوشحالی کے لیے خصوصی دعائیں کی گئیں۔ سکھ یاتری ننکانہ صاحب سے کرتار پور کے لیے روانہ ہو گئے۔ ڈپٹی کمشنر محمد سلیم اختر راؤ اور ڈی پی او سید ندیم عباس نے سکھ یاتریوں کو ننکانہ صاحب سے الوداع کیا، سکھ یاتریوں کو سخت سیکورٹی حصار میں ننکانہ صاحب سے روانہ کیا گیا۔ اس موقع پر سکھ یاتریوں نے، رہائش، لنگر، سیکورٹی اور ٹرانسپورٹ کے بہترین انتظامات کرنے پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور ضلعی انتظامیہ کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ گورونانک کی دھرتی سے محبت اور پیار لے کر جا رہے ہیں، پاکستانیوں نے اتنا مان سمان کیا، پاکستان سے جانے کو دل نہیں چاہتا۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے بارے جھوٹا پروپیگنڈہ کیا جاتا ہے، پاکستان پر امن ملک ہے، پاکستان میں اقلیتوں کو مکمل مذہبی آزادی حاصل ہے، تمام مذاہب و مسالک کے افراد بہن بھائیوں کی طرح زندگی بسر کر رہے ہیں۔ سکھ یاتریوں نے کہا کہ پاکستان میں تمام مذاہب کے ماننے والے ایک دوسرے کی خوشیوں میں شریک ہوتے ہیں، ننکانہ کے باسیوں سے ملنے والا پیار کبھی نہیں بھلا پائیں گے۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد سلیم اختر راؤ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سکھ یاتریوں کا خیال رکھنا پاکستان کی روایت ہے اور ضلعی انتظامیہ آئندہ بھی سکھ یاتریوں کا خاص خیال رکھے گی۔ انہوں نے کہا کہ بابا گورونانک کی تعلیمات پیار، محبت اور انسانیت کا درس دیتی ہیں۔

مختلف واقعات میں خاتون سمیت تین افراد اغوا

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مختلف وقعات میں خاتون سمیت تین افراد اغوا۔ نگر کے شاہد نذیر کی بیوی خرد و فروخت کیلئے سیالکوٹ گئی مگر واپس نہ آئی شبہ ہے کسی نے اغوا کرلیا پیر وچک کے محمد ساجد کا بھائی بشارت اپنی دوکان موبائل سنٹر بند کر کے کہیں چلا گیا جس کا تاحال کہیں پتہ نہیں چلا گوجرہ کے محمد زبیر کا بھتیجا 18 سالہ علی حسن گھر سے کھیلنے کیلئے نکلا جو تاحال واپس نہیں آیا شبہ ہے کہ نامعلوم نے اغوا کرلیا ہے پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔

پولیس نے پولیس ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے کالر کو گرفتار کر لیا

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پولیس نے پولیس ہیلپ لائن 15 پر بوگس کال کرنے والے کالر کو گرفتار کر لیا۔ ملزم قاسم نے 15 پر تھانہ رجوعہ کے علاقہ موضع ہرسہ بلحہ میں واردات کی اطلاع دی۔ پولیس تحقیق کے دوران علاقہ میں واردات کا ہونا نہ پایا گیا۔ پولیس ہیلپ لائن 15 پر جھوٹی کال کرنے والے کالر کیخلاف تھانہ رجوعہ میں مقدمہ درج ہو چکا ہے اور مزید تفتیش کا عمل جاری ہے۔ اس حوالے ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبداللہ احمد کا کہنا تھا کہ شہری صرف ایمرجنسی صورت میں پولیس ہیلپ لائن 15 پر مدد کیلئے کال کریں۔ ایمرجنسی نمبر 15 پر مذاق میں دی گئی بوگس کال آپ کو جیل بھیج سکتی ہے۔ ذمہ دار شہری ہونے کا ثبوت دیتے ہوئے پولیس ہیلپ لائن 15 پر غیر ضروری کال سے اجتناب کریں۔

تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان جاں بحق ہو گیا

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان جاں بحق ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق خالد ٹاؤن اوکاڑہ کا رہائشی 18 سالہ نوجوان شناخت علی ولد رمضان اپنی موٹر سائیکل پر سوار ہو کر جا رہا تھا کہ اچانک راستے میں جی ٹی روڈ چونگی نمبر 7 کے قریب تیز رفتاری کی وجہ سے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شناخت علی موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے ضروری کاروائی کرنے کے بعد نعش ہسپتال منتقل کر دی ہے۔

گورنمنٹ ایم۔ بی۔ گرلز ہائی سکول نارووال میں پنجابی کلچر کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا

کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، آر۔ پی۔ او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ اور ڈی سی نارووال سید حسن رضا نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی



گوجرانوالہ (رانا ظفر اقبال قوت بیورو) گورنمنٹ ایم۔ بی۔ گرلز ہائی سکول نارووال میں پنجابی کلچر کے حوالے سے تقریب کا انعقاد کیا گیا جسمیں کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی، آر۔ پی۔ او گوجرانوالہ طیب حفیظ چیمہ اور ڈی سی نارووال سید حسن رضا نے بحیثیت مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر سکول کے بچوں کی جانب سے پنجابی لباس پہن کر روزمرہ استعمال کی مختلف چیزوں کی مدد سے پنجابی دیہی ماحول کی عکاسی کی گئی تھی، مہمان خصوصی نے بچوں تمام سٹالز کا معائنہ بھی کیا اور پروگرام کی انتظامیہ کے کام کو سراہا۔ اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کمشنر گوجرانوالہ سید نوید حیدر شیرازی کا کہنا تھا کہ آج کے دن پنجاب کے تمام اداروں میں پنجاب کا کلچر ڈے پر جوش طریقے سے منایا جا رہا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کہ خوشی ہوتی ہے کہ ہمارے نونہال بھی اپنے کلچر سے پوری طرح آگاہ ہیں اور پنجاب کے پکوانوں، پہناووں اور رسوم و رواج بارے بھی انکو علم ہے اور اس دن کو منانے کا مقصد بھی یہی ہے کہ ہم دنیا کو پنجاب کے خوبصورت کلچر کی تصویر دیکھا سکیں۔

محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائیاں

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) محکمہ سول ڈیفنس کی غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور غیر قانونی پیٹرول پمپس کے خلاف کاروائیاں، سول ڈیفنس آفیسر وقار اکبر کی زیر نگرانی 2 ایل پی جی شاپس کو سیل کر دیا گیا اور دونوں ایل پی جی شاپس کے مالکان کے خلاف ایف آئی آرز کا اندراج بھی کروا دیا گیا، مزید برآں کاغذات مکمل نہ مہیا کرنے پر دو عدد غیر قانونی پیٹرول پمپس کو بھی سیل کر دیا گیا، سول ڈیفنس افیسر وقار اکبر نے کہا ہے کہ غیر قانونی ایل پی جی شاپس اور پٹرول پمپس کو ہرگز کام کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی اور انہیں بھاری جرمانوں کے ساتھ ساتھ مقدمات کا بھی سامنا کرنا پڑے گا۔

محنت کشن کی بیٹی نجی فیکٹری کی ملازمہ اوباشوں کی ہوس کا نشانہ بن گئی

اسامہ نامی شخص نے اپنے دیگر ساتھیوں کے ہمراہ فیکٹری سے واپسی پر اغوا کر کے مبینہ طور پر اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا

فیروز وٹواں (نمائندہ خصوصی) غریب محنت کش لڑکی (ت)، رمضان نامی خاتون نجی فیکٹری میں مزدوری کرتی ہے، بااثر افراد کی ہوس کا نشانہ بن گئی۔ معلوم ہوا ہے کہ اسامہ نامی شخص نے اپنے دیگر ساتھیوں محمد عباس، شہباز، محمد یونس، شمعون یونس اور عرف ڈھولی کے ہمراہ فیکٹری سے واپسی پر اغوا کر کے مبینہ طور پر اجتماعی زیادتی کا نشانہ بنایا۔ درندہ صفت ملزمان نے نہ صرف ویڈیو بنائی بلکہ کئی ماہ تک بلیک میل کرتے رہے کہ انکار کی صورت میں ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل کر دی جائے گی۔ جب مظلوم لڑکی نے مزید حرام کاری سے انکار کیا تو ملزمان نے اس کے گھر پر دھاوا بول دیا، فائرنگ کی، مار پیٹ کی اور چادر و چار دیواری کا تقدس پامال کرتے ہوئے فرار ہو گئے۔ متاثرہ لڑکی کا کہنا ہے کہ تھانہ سٹھی نے محض رسمی کارروائی کرتے ہوئے ایک معمولی مقدمہ درج کیا، مگر ملزمان کے بااثر ہونے کے سبب کوئی گرفتاری عمل میں نہ آسکی۔ دو ملزمان کو عارضی طور پر حراست میں لیا گیا مگر پولیس نے مبینہ طور پر بھاری رشوت کے عوض رہا کر دیا۔ متاثرہ لڑکی کا کہنا ہے کہ انصاف نہ ملنے کی صورت میں وہ خود سوزی پر مجبور ہو جائے گی۔ اُس نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز سے دردمندانہ اپیل کی ہے کہ ان درندہ صفت مجرموں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور اسے انصاف دلایا جائے تاکہ کوئی اور حوا کی بیٹی ایسے ظلم کا شکار نہ ہو۔ مقامی عوامی و سماجی حلقوں نے بھی پولیس کی نااہلی اور بااثر افراد سے ملی بھگت پر شدید احتجاج کرتے ہوئے اعلیٰ حکام سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے آج سے شہر میں صفائی کا انتظام سنبھال لیا

میونسپل کارپوریشن نے 294 سینٹری ورکرز کمپنی کی ڈسپوزل پر دے دیئے ہیں جبکہ کنٹریکٹر نے شہر کی ضروریات و مدنظر رکھتے ہوئے مزید سینٹری ورکرز بھی بھرتی کئے ہیں



ساہیوال (مہر اے ڈی نسیم سپرا سے) ساہیوال ویسٹ مینجمنٹ کمپنی نے آج سے شہر میں صفائی کا انتظام سنبھال لیا، میونسپل کارپوریشن نے 294 سینٹری ورکرز کمپنی کی ڈسپوزل پر دے دیئے ہیں جبکہ کنٹریکٹر نے شہر کی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے مزید سینٹری ورکرز بھی بھرتی کئے ہیں۔ ایڈیشنل کمشنر کو آرڈیننشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے کمپنی پر زور دیا ہے کہ وہ شہر میں صفائی کی صورتحال اور سیوریج مسائل پر خصوصی توجہ دیں تاکہ شہریوں کو صاف ستھرا ماحول میسر آئے اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کے ویژن کے مطابق ستھرا پنجاب کا ہدف حاصل کیا جا سکے۔ کمشنر آفس میں میونسپل کارپوریشن اور پمپ پروگرام کے تحت جاری مختلف جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا گیا اور ایڈیشنل کمشنر کو آر ڈی نیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے سختی سے ہدایت کی کہ ہر کام کی تکمیل کی ڈیڈ لائن پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔ اجلاس میں ڈائریکٹر لوکل گورنمنٹ شاہد رسول وڈائچ، اے سی جنرل غلام حسین اور چیف آفیسر میونسپل کارپوریشن اشفاق احمد، چیف آفیسر ضلع کونسل خداداد تارڑ نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں پمپ پروگرام کے تحت جاری مختلف جاری کاموں کا بھی جائزہ لیا گیا اور ایڈیشنل کمشنر کو آر ڈی نیشن ڈاکٹر سیف اللہ بھٹی نے سختی سے ہدایت کی کہ ہر کام کی تکمیل کی ڈیڈ لائن پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے۔

چھ مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکلوں، موبائل فونز سمیت دیگر قیمتی اشیاء سے محروم

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) چھ مختلف وارداتوں میں شہری لاکھوں روپے نقدی، موٹر سائیکلوں، موبائل فونز و دیگر قیمتی اشیاء سے محروم۔ عبدالقیوم حسن کے ہمراہ موٹر سائیکل پر سوار سرگلہ روڈ بجی بینک سے 20 لاکھ روپے لے کر نکلا تو غلہ منڈی کے قریب دو نامعلوم موٹر سائیکل سوار ملزمان نے اسلحہ کے زور پر ن

روزنامہ ''قوت'' لاہور (7) بدھ 16 اپریل 2025ء

''قوت'' کلاسیفائیڈ

روزنامہ قوت

اشتہار اشاعت سے قبل جانچ کے جذبہ سے شائع کیے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا ، اشتہارات صاف اور بڑے سطر پر لکھ کھلے ہوئے چاہئیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی شکایت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

بقیہ

1 بقیہ

خوش آمدید کہا۔اس موقع پر سپریٹنڈنٹ مہر اور ٹریفک ایس پی او ڈی او خدمہ کے شرکا کو تفصیلی بریفنگ دی۔ دوران بریفنگ مہر نواز ٹریفک پولیس لاہور کو اپنی ایمپلس سروس کے بارے میں مواصلات پر تربیت کے متعلق آگاہ کیا گیا۔ دوران بریفنگ مہر نواز ٹریفک پولیس وفد کے ہمراہ آئے ہوئے مہمانوں کو موجودہ ٹریفک صورتحال سے آگاہ کیا گیا۔ اس کے علاوہ ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک کنٹرول کرنے کے لیے استعمال کیے جانے والے جدید آلات کے بارے میں بھی آگاہ کیا گیا۔ اس کے بعد ٹریفک پولیس کی جانب سے ٹریفک کنٹرول کرنے کے لیے استعمال کیے جانے والے جدید آلات کا عملی مظاہرہ بھی کیا گیا۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس کی جانب سے مہمانوں کو ٹریفک پولیس کی جانب سے تحائف بھی پیش کیے گئے۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس کی جانب سے مہمانوں کو ٹریفک پولیس کی جانب سے تحائف بھی پیش کیے گئے۔ اس موقع پر ٹریفک پولیس کی جانب سے مہمانوں کو ٹریفک پولیس کی جانب سے تحائف بھی پیش کیے گئے۔

بقیہ

2 بقیہ

مغفرت اور لواحقین کے لیے صبر و استقامت کی دعا کی۔ وزیراعظم نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال وہاڑی کا دورہ کرکے زخمی ہونے والے افراد کی عیادت کی اور ان کے لواحقین سے تعزیت کی۔ وزیراعظم نے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال وہاڑی کے ایمرجنسی وارڈ کا بھی دورہ کیا۔ وزیراعظم نے زخمیوں

پاکستان کی طبی تاریخ میں پہلی بار مریضہ کو لیکٹر انک ٹانگ نصب کر دی گئی

اس مصنوعی کمپیوٹرائز ٹانگ کے ساتھ مریض با آسانی سیڑیاں چڑھنے اترنے، بھاگنے دوڑنے، سائیکل چلانے سمیت ناہموار اور ہموار زمین پر چل پھر سکے گا

مذکورہ خاتون 21 سال بعد وہ ایک اعلیٰ اور بہائی ٹیک ٹیکنالوجی لیتے میں کامیاب ہوئیں اب اللہ کا فضل ہے اس سے وہ زندگی کے تمام امور انجام دے سکیں گی، ڈاکٹر

لاہور (خبر نگار) پاکستان کی طبی تاریخ میں پہلی بار مریضہ کو الیکٹرانک ٹانگ نصب کر دی گئی ہے، ڈاکٹروں نے کسی بھی حادثے میں معذور ہونے والے مریضوں کے لئے کمپیوٹرائز الیکٹرونک ٹانگ متعارف کروائی ہے جو میٹریاں چڑھنے اترنے، بھاگنے دوڑنے سمیت دیگر ممالک مصنوعی ٹانگ نصب کرنے کے لئے جاتے تھے مگر اب لاہور میں یہ سہولت میسر ہوگی یہ بات ایک سائنسز پلیٹفارم، رفتار اور اچھائی کو کنٹرول کر سکتا ہے، پہلے پاکستانی مریض انگلینڈ، جرمنی، امریکہ سمیت ایک مقامی فلاحی ادارے ہوپ کے سربراہ اور میو ہسپتال لاہور کے سابق سربراہ جنرل سرجری معذور افراد ڈاکٹر خالد نیاز نیازی نے کمپیوٹرائز ٹانگ کی ایک خاتون مریضہ کو کامیابی کے ساتھ لگانے کے عمل کے بعد پریس کانفرنس سے خطاب (باقی صفحہ پر بقیہ نمبر 5)



لاہور: وائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر محمد علی ارطرا کو گورڈن یونیورسٹی سکاٹ لینڈ سے آنے والے شرکا کو سوینئر پیش کر رہے ہیں

ایران پاکستان تجارت کے قومی معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے، کونسر

ایس آئی ایف سی ون ونڈو آپریشن ہے، سرمایہ کاروں کو بھرپور معاونت فراہم کی جارہی ہے، کامران ٹیسوری کے خطاب

77 سالہ تاریخ میں اس سال سب سے زیادہ زرمبادلہ بھیجنے پر اوورسیز پاکستانیوں کو مبارک باد پیش کرتا ہوں

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران ٹیسوری کا کہنا ہے کہ ایران پاکستان کے تحت قومی معیشت تیزی سے ترقی کر رہی ہے، اوورسیز پاکستانی اس سال سب سے زیادہ زرمبادلہ بھیجنے پر اوورسیز پاکستانیوں کو مبارک باد پیش کرتا ہوں، ایس آئی ایف سی ون ونڈو آپریشن ہے، سرمایہ کاروں کو بھرپور معاونت فراہم کی جارہی ہے، سرمایہ کاروں کو ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لئے پرعزم ہیں، ان خیالات کا اظہار انہوں نے کراچی میں ایس آئی ایف سی کے زیر اہتمام منعقدہ ایران پاکستان تجارت کے فروغ کے حوالے سے سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا، اس موقع پر ایران کے قونصل جنرل سید محمد رضا حسینی، ایران چیمبر آف کامرس کے نمائندے، ایس آئی ایف سی کے اعلیٰ حکام، سرمایہ کاروں اور صنعتکاروں کی بڑی تعداد موجود تھی، گورنر سندھ نے کہا کہ ایران پاکستان کے درمیان تجارت کا حجم 2 ارب ڈالر ہے جسے 5 ارب ڈالر تک لے جانا ہے، ایران کے ساتھ تجارت کے فروغ کے لئے ہمیں بینکنگ چینل کے مسائل کو حل کرنا ہوگا